جناب مولانا حامد حسن قادری اینڈ دی آرٹ آف دی کرونوگرام

۱۹۸۸ء

ڈاکٹر خالد حسن قادری

جناب مولانا حامد حسن قادری اینڈ دی آرٹ آف دی کرونوگرام

۱۹۸۸ء

ڈاکٹر خالد حسن قادری

سلیکشنز آف پروفیسر قادری ز کرونوگرامز

۱۹۸۸ء

اشاعتِ اوّل جولائی ۱۹۸۹ء ـ ۵۰۰

مطبع: انجمن پریس، نشتر روڈ کراچی

متابعت کاپی رایٹ ایکٹ
۱۹۸۸ء

آوارہ گشتہ ـ بدنام کنندۂ نیکونامے چند
۱۴۰۸ھ

صاحبِ تصنیفِ تاریخ گوئی
۱۹۸۸ء

قیمت ۱۲۰ روپے

ناشر: قادری اکادمی، اے ـ ۵۹۵، گلشنِ اقبال،
بلاک ۳، کراچی

عجیب دلچسپ و مسرّت خیز

۱۴۰۸ھ

تواریخ عدیم البدل

۱۴۰۸ھ

قطعات حضرت

۵۸۰ + ۱۴۰۸ھ

۱۹۸۸ء

علامہ روزگار حضرت والاجناب حامد حسن قادری

۵۸۰ ۱۴۰۸ھ ۵۸۰

۱۹۸۸ء ۱۹۸۸ء

تدوین نوادر تاریخ گوئی

۱۹۸۸ء

ضمیمہ لطایف رنگیں پیام

۱۴۰۸ھ

بے بدل تاریخوں کے دل چسپ اقتباس

۱۹۸۹ء

راقم خالد حسن قادری

۱۴۰۹ھ

آثار تاریخ

وارداتِ انتقالِ ناگہانی

افضل الفاضلین عالیقدر مولوی احمد حسن صاحب محدث بَرَّدَ اللّٰہُ العَلِیُّ مَضجَعَہٗ

انار اللّٰہ برہانہ وجعل الجنۃ مثواہ

مستخرجہ ناچیز ازلی حامد حسن قادری

وَاللّٰہُ لَہٗ اَجرٌ عَظِیم

مادہ از کل بیت آخری

از سنہ ہجرت بماہِ ذُو میں	چہلم ذبح امام السیدین
بعدِ نصف اللیل درخُلدِ بریں	رفتہ بر لب ذکر رب العالمین
کاملِ دینِ ہُدا احمد حسن	رَحمۃُ اللّٰہِ علی احمد حسن

۱ ۳ ۳ ۴ ۱

تاریخ عقیقہ جناب سید عابد حسن صاحب کانپوری کہ بعہد پیری ادا کردند

کانپور سے عظیم الحق نے اطلاع دی کہ رمضان میں بھائی عابد حسن صاحب کا عقیقہ ہوا جو صحیح وقت پر کسی حادثہ کے سبب نہ ہو سکا تھا۔ سر مونڈا گیا۔ دو بکرے ذبح ہوئے۔ جشن ہوا۔ ڈھول بجے۔ میں نے فوراً ۱۲ شوال ۱۱ فروری ۱۹۳۱ء کو یہ تاریخ لکھ کر عابد حسن صاحب کو بھیج دی۔ انھوں نے جواب میں اس ہجو مرتب کا شکریہ ادا کر کے لکھا کہ وہ شب قدر میں مراقب تھے کہ خواب و بیداری کی درمیانی حالت میں ان کے کان میں ایک آواز آئی کہ "عقیقہ کر ڈالو"۔ چنانچہ صبح کو اس حکم کی تعمیل کر دی گئی

۱

مسنون ہے عقیقہ کوئی فرض تو نہیں — پیری میں کیا ضرور اسے لائیے بجا

رنگیں دل سے دور نہیں ہے مگر یہ جشن — ہاں شادیانے گائیے ڈھولک بجا بجا

عابد میں زہدِ خشک کا ہوا نہیں ضرور — زندہ وہی ہے عیش کو جس نے نہیں تجا

تو طفل بن۔ جواں تو بنا ہی کیے ہیں پیر — تو ریشخندِ خلق پر اے زندہ دل نہ جا

تاریخ یہ کہے جو کوئی تو برا نہ مان

ریشِ دراز پر یہ عقیقہ نیا سجا

۱ ۳ ۴ ۹

تاریخ دیگر

عقیقہ نکردی چرا پیش ازیں — چہل سال عمر عزیزت گذشت

بگویم چرا گرچہ بے جاست ایں — مزاج تو از حال طفلی نگشت

بجز چرا اعداد جا (۲) — ۱ ۳ ۴ ۰

تواریخ ترجمۂ رباعیات حضرت مولٰنا سلطان ابوسعید ابوالخیرؒ

دعاے آغاز و انجام بجناب ایزد جلیل

یا رحمٰن انک مُنیسر   رب یسّر ولا تعسّر

و تمم بالخیر یا ربنا القادر

۱ ۹ ۲ ۹

سرورق تاریخی		سرورق تاریخی
خزانۂ رباعیات	۳۰۰	**صدر رباعی**
	۵	از
گنج نایاب مصنفات مولانا ابوسعید ابوالخیر	۳۰۰	کلام بعیدیل ابوسعید
مع ترجمۂ اردو واز قلم سیہ کار حامد حسن قادری	۰۰۰	مترجمہ
لکچرر فارسی اردو سینٹ جانس کالج آگرہ ۱ ۹ ۲ ۹	۴۰۹ ۱۳۴۹ ار	حامد حسن قادری

آغاز و ختم دیباچہ پر تخمیس

از قلم مترجم حامد حسن قادری
۱ ۳ ۴ ۸

ختم دیباچہ رباعی
۱ ۳ ۴ ۸

سرورقِ تاریخی

(اس جدید اردو کورس میں پہلا امتحان بی اے ۱۹۳۸ء میں ہوگا)

نصاب اردو بی اے آگرہ یونیورسٹی

چمنستانِ نثر

یعنی

مضامین مشاہیر ادبیاتِ جدید

مرتبہ

پروفیسر مولوی محمد طاہر فاروقی

آغازِ زمانِ نفاذ
۱۹۳۸ء

تاریخ خریداری بائیسکل خاکسار حامد حسن قادری

۴ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء کو میں نے ذریعے بائیسکل خریدی۔ مولوی مظفر علی صاحب طالب نے اصرار کر کے قیمتی سائکل دلوادی۔ اسی دن یہ تاریخ کہی۔

رائے تھی عابد و طالب کی یہی — آدمی لے تو پھر اچھی سی لے
اور مری رائے میں بہتر یہ ہے — پاؤں چادر کے مطابق پھیلے
سائکل لینی تھی معمولی سی — کہ نہ تھے پاس روپیوں کے تھیلے
میں تو سستی میں وہی لے لیتا — جسکے ٹائر بھی تھے میلے میلے
لیکن ارشاد یہ طالب نے کیا — ہم سے جتنے کی ضرورت ہے لے

کیا نتیجہ ہوا سنئے تاریخ
ماۃ عشر کی لی ہے رَیلے
۱ ۳ ۴ ۲

تاریخ تعمیر مسجد شبلی منزل اعظمگڈھ

سال تعمیر این بنائے نکو — یافتم من ز سعدیِ حق گو
روزِ محشر کہ جاں گداز بود — اوّلیں پرسشِ نماز بود
۱۹۳۱

سرورقِ تاریخی

(برادرزادۂ عزیز زاہد حسن فریدی کی بیاض پر لکھا گیا)

بہارِ انتخابِ کلام

۱۳۵۲ھ

یا

بے مثال آئینۂ شعر و سخن

یعنی

بیاضِ زاہد حسین صاحب فریدی

۱۳۶۶ھ

بلبلِ گلزارِ شعر و غزل

تواریخِ مسرّت بیز

۱۹۳۶

بہنگامِ سعیِ نکاحِ ثانی ڈاکٹر فصیح الدین بچھرایونی بمقامِ آگرہ

(۱)

شادی کی اندنوں ہے ضرورت فصیح کو — ذکر اسکا ہے ہر ایک عزیز و قریب سے

لیکن جو ایک خوش ہے تو ناخوش ہے دوسرا — لوگوں کے اختلاف ہیں اس میں عجیب سے

کہتا ہے اک، سہانے ہیں یہ ڈھول دور کے — کیا جانیے کہ نکلیں گے کیسے فریب سے

کہتا ہے کوئی سونے کی چڑیا ملی ہے یہ — خوبیِ اتفاق سے، حسنِ نصیب سے

حیران ہے فصیح کہ کیا فیصلہ کرے — بنتی نہیں ہے بات بنائے غریب سے

لوگو کوئی علاج کرو اس مریض کا — گو عشق کی دوا نہیں ممکن طبیب سے

اسکو یہی ہے فکر، یہی دھن، یہی خیال — فریاد ہے اسی کی خدائے مجیب سے

تاریخ میں نے بھی یہ دلِ فکر سے کہی
ذکرِ حبیب کم نہیں وصلِ حبیب سے

(۲)

بن گیا عاشق نا دیدہ فصیح — کچھ نہو تو غم الفت ہی سہی
کہتا ہے لوگوں کے طعنے سنکر — عشق مجھکو نہیں وحشت ہی سہی
آپ ہی آپ کہا کرتا ہے — میری وحشت تری شہرت ہی سہی
تم کوئی ترک وفا کرتے ہیں — نہ سہی عشق مصیبت ہی سہی
ہم بھی تسلیم کی خو ڈالیں گے — بے نیازی تری عادت ہی سہی
یار سے چھیڑ چلی جاتی ہے — کچھ نہیں ہے تو شکایت ہی سہی
کچھ تعلق تو لگا رہتا ہے — گو فقط ذکر حکایت ہی سہی
مل تو جاتا ہے کبھی لطف طواف — اسکے کوچے کی بدولت ہی سہی
محبت عقد ہے مقصود فصیح — حجت گو طعنۂ شرمت ہی سہی
کاٹنا عمر کا مقصد تھا اسے — کچھ نہ کچھ کوٹ تو گیا مت ہی سہی

جان مجروح سے نکلی تاریخ
گر نہیں وصل تو حسرت ہی سہی

(۳)

آبیاری تو کرو کوشش سے — پھل بھی دیجا ئے گا یہ پیڑ فصیح

پھل ہی سے نکلے گا یہ نشو آخر — تم سے کٹنے جاؤ مگر اپڑ فصیح

ہارنا دل نہ تم اس میدان میں — گو رقیبوں سے ہو مڈبھیڑ فصیح

عقد کے فکر کی حامد تاریخ

کہدو۔ خوبوں سے رہے چھیڑ فصیح

(۴)

مشغلہ ہے فصیح کا دن رات — ذکر منگنی کا اور نکاح کی فکر

تم بھی تاریخ اسکی اے حامد — کہدو۔ ہے نصف عیش عیش کا ذکر

(۵)

اللہ کہیں بیاہ کرادے فصیح کا — جلدی کہیں سے اسکو سنادے نوید عیش

ہر وقت ذکر سنتا ہوں منگنی کا بیاہ کا — تاریخ میں نے لکھی ہے۔ ذکر امید عیش

(۲)

نہ دنیا کا ذکر اور نہ عقبیٰ کی فکر — فقط ذکرِ شادی ہے اور فکرِ عیش

مبارک ہو سعیِ نکاحِ فصیح — یہ تاریخ ہے۔ بامزہ ذکرِ عیش

(۲)

ہر جوانوں کے حق میں عقدِ نکاح — دلِ غمگیں کا مرہم شادی

غم میں شادی کے اندنوں ہے فصیح — ہوئی تاریخ بھی۔ غم بشادی

(۳)

اسدرجہ جو شوق خانہ آبادی ہے — شادی میں فصیح سلب آزادی ہے

دنیا ہو جو اشتہار۔ عنوان کیلئے — تاریخ ہوئی۔ ضرورتِ شادی ہے

---

۱۵ اگست ۱۹۳۲ء

ہدیۂ مستزاد مع تاریخِ نکاح

۱۹۳۲

(۱۲ اگست ۱۹۳۲ء کو منگنی ہوئی اور ۲۰ اگست کو نکاح قرار پایا)

(منگنی کی خبر سنتے ہی یہ تاریخیں کہی گئیں)

(۱)

ماما بولی یہ اندھیر — چٹ منگنی پٹ بیاہ — گویا تھیں بیٹی سے سیر — چٹ منگنی پٹ بیاہ

میں نے سال عقد لکھا — اور ماما سے کہا — کہدے، تو بی کیسی دیر — چٹ منگنی پٹ بیاہ

(۲)

کہتی تھی ماما سنیو نورا — چٹ منگنی چٹ بیاہ — کیسا ہے بیتاب ہُوا — چٹ منگنی چٹ بیاہ

برسوں رہتے ہیں پیغام — تب بنتا ہے کام — شادی ہو یا کوئی جُوا — چٹ منگنی چٹ بیاہ

اس پر دل کی نہری صلاح — لکھئے سال نکاح — صادق اب یہ قول ہوا — چٹ منگنی چٹ بیاہ

(۲۰ اگست کو معلوم ہوا کہ تعداد مہر میں فریقین کے درمیان اختلاف ہو گیا اور نکاح ملتوی ہو گیا)

قاضی کا نہیں خوف جو دو دل رہیں راضی — ہوتا نہیں پھر کچھ اثر بیشی و کم مہر

ہر مہر کی تکرار سے رنجور نصیح آہ — اس واسطے تاریخ ہے تیر ستمِ مہر

تاریخِ فسخِ عزمِ نکاحِ فصیح
بسببِ الزام ناروا

نوشتۂ ۱۹ و ۲۲ اگست ۱۹۳۶ء

ہیں گرچہ فصیح زندہ دل بھی — لیکن ہیں وہ نیک دل مسلماں
شوخی و مزاح بھی ہے اُن میں — لیکن نہیں یہ عیوبِ انساں
گانے بھی ہیں وہ کہ خوش گلو ہیں — یہ بھی ہے مگر عطائے یزداں
گو اُن میں نہیں ہے خشکیٔ زہد — رندی بھی نہیں بحدِّ عصیاں
ہے ڈاکٹری میں ذہن روشن — دعوے میں نہیں مسیحِ دوراں
شو فیکٹری کے بن کے ایجنٹ — گردش میں ہیں مثلِ چرخِ گرداں

اسلاف تھے ان کے قابلِ فخر — اربابِ علوم و اہلِ عرفاں
برکت یہ اُنھیں کی ہے کہ یہ بھی — ہیں خلق نکو سے گل بداماں
ہے آجکل ان کو عقد کی فکر — دن رات ہیں بس اسی میں کوشاں
اک روز وہ کھیلتے تھے شطرنج — آ نکلے اُدھر جنابِ مُلّاں[1]
تھا ان کی بہن کو ان کا پیغام — ممکن تھا بر آئے جلد ارماں
کیا جانئے کیا جناب سمجھے — گھر جا کے کہا، سنا کچھ اتاں؟

---

[1] اصلی نام مخفی رکھنے کیلئے یہ لفظ تراشا گیا ہے۔ وہ اسی کے ہم وزن و ہم قافیہ ہے۔

لڑکا وہ قمار باز نکلا — دیکھ آیا میں اپنی آنکھ سے ماں

پھر کیا تھا، وہ آفتِ جان اُن کی — لیکر غیظ و غضب کا طوفان

آئیں اور خوب روئیں پیٹیں — اور پھر ہوئیں یوں وہ گوہر افشاں

بولیں کہ بچا لیا خُدا نے — ہے اس کا ہزار شکر احسان

بیٹی کی بھلی ہی سمجھو تقدیر — ہونا نہ پڑا ہمیں پشیماں

کھلتا جو یہ حال عقد کے بعد — کیا ملتا سوا سے یاس و حرماں

ہم سمجھے تھے ہیں شریف یہ لوگ — نیکوں کو نہیں چلن یہ شایاں

ہر چند کہا کہ جھوٹ ہے یہ — کوسوں ہے جوئے سے وہ گریزاں

شطرنج تو کھیلتے ہیں سب لوگ — حُرمت نہیں ثابت و نمایاں

ٹینس، شطرنج اور کیرم — تفریح کے ہیں فقط یہ ساماں

گو لہو و لعب ضرور ہیں یہ — زنہار نہیں جُوے کا امکاں

تم خود بھی ہو مولوی کی بیوی — گھر علم و ہنر کا مخزن و کاں

بیٹا ہے بفضلہٖ تمہارا — ہمنامِ امامِ اعظم الشاں

مومن کی طرف سے بدگمانی — ہے صاف خلافِ حکمِ قرآں

لیکن نہ سمجھ میں اُن کی آیا — اپنی ہی سے کیے گئیں وہ ناداں
مارا تھا جو مولوی نے کانٹا — اس کانٹے نے چھید دی رگِ جاں
بہتان عظیم نے کیا آہ — سب عیش کا گھر تباہ و ویراں
راضی نہوئیں نکاح پر وے — وہ جانیں اور اُن کا دین وایماں

ھاتف اس واقعہ کی تاریخ
لکھدو۔ اثرِ فسونِ بہتاں

(۲)

نیست ہرگز قمار باز صحیح — گرچہ از لہو ولعب تائب نیست
پند و تاریخ ھاتف اے مُلّاں — گوش کُن۔ افترا مناسب نیست

(۳)

بمفتیِ مُلّاں بگو اے صحیح — کہ پسند آزار در حقِ من
بتاریخ گو مصرعے حسب حال — مبر ظنِ اِقتار در حقِ من

۱؎ [illegible]
۲؎ [illegible]

تاریخِ ولادت

فرزندِ ارجمند بخانہ عزیزم سیّد نور محمد سرور اکبر آبادی
فرزند رشید جناب محترم حکیم سیّد قمر احمد صاحب قبلہ غنی بستی آگرہ

مبارک آپ کو پوتا حکیم صاحب ہو
دیا ہے نورِ محمّد کو حق نے نورِ نظر
یہ قادری نے ولادت کی لکھ دی اک تاریخ
کہ "خوب چمکے الٰہی یہ بے قمر کا قمر"[1]

۷۸ ہجری ۱۳

احقر
حامد حسن قادری

[1] مندرجہ بالا قطعہ تاریخ کاتب سے نقل کرایا گیا ہے۔

تاریخ انقلاب شاہی ایڈورڈ

۱۹۳۶ء

{تاج سے دست برداری}
۱۳۵۵

شاہ برطانیہ و قیصر ہند ملک معظم ایڈورڈ ہشتم جنوری ۱۹۳۶ء میں اپنے والد بزرگوار جارج پنجم کی جگہ تخت نشین ہوئے۔ بادشاہ سلامت سالہا سال سے ایک عورت کے دام عشق میں گرفتار تھے۔ کہتے ہیں کہ اس عورت نے ۱۹۱۶ء میں ایک شخص ونفیلڈ اسپنسر سے شادی کی تھی اور ۱۹۲۷ء میں اس سے طلاق لے کر دوسرے شخص ارنسٹ سمپسن سے نکاح کیا جس کو اور پھر دس سال بعد اکتوبر ۱۹۳۶ء میں دوسرے شوہر سے بھی آزادی حاصل کر لی۔ اس مرتبہ بادشاہ سلامت کی زینت پہلو بننے کے لئے آمادہ ہوئیں۔ وزراء برطانیہ نے شاہ ایڈورڈ کو اس نکاح کی اجازت نہیں دی۔ تو بادشاہ نے حکومت سے دست برداری کر لی۔ اور ان کے بھائی جارج ششم تخت نشین ہو کر بادشاہ ہو گئے۔ ۱۱ دسمبر ۱۹۳۶ء کو ... اب شاہ سابق ڈیوک آف ونڈسر کہلاتے ہیں۔ اپریل ۱۹۳۷ء میں ... مسز سمپسن سے نکاح کر لیا۔

(۱)

شہنشاہ اڈورڈ شاہی کند ترک
بعشق مسز سمپسن شوخ طرار

چو تاریخ جستم ندا آمد از غیب
کہ از تخت و خیل و حشم دست بردار

۲۴۰۰ - ۴۶۴
۱۹۳۶ء

(۲)

جو اڈورڈ کی بدلی تقدیر شاہی
کہی میں نے تاریخ تغییر شاہی
۱۹۳۶

(۳)

دل مسز سمپسن میں اٹکا تھا
کچھ دنوں بیدلی سے راج کیا

ہوئی تاریخ دست برداری
نذر سودائے عشق تاج کیا
۱۹۳۶

(۴)

زآغازِ می نمود خردمند شاہ ما — این کار کرد لیک عجب نادرست او

تاریخِ ترکِ شاہیِ اڈورڈ ہشتم است — از تاج در ہوائے زنے دست شست او
۱۹۳۶

(۵)

این فرود آمد آں تخت نشست — ہر کرا دادہ اند بخت جدا

گفتہ ام حسبِ حال تاریخے — شاہ مجنوں ز تاج و تخت جدا
۱۰۱۰ — ۲۰۰۰
۱۳۵۵ھ

(۶)

چھوڑ بیٹھے بے تکلف دو دو خاوندوں کو جو — اُس طلاقن کیلئے اڈورڈ تج دے اپنا راج!

میں نے بھی تاریخ پوری کی ہے یہ دو چھوڑ کر — شاہ نے ہارا قمارِ عشق کی بازی میں تاج
۱۹۳۶

(۷)

دو خاوند چھوڑے اور یہ تاج اور راج اپنا — بتاؤ ہوتے ہیں سینگ اور کیا گراہ کے سر میں

کہی تاریخ میں نے دو کو شامل کرکے اس ضد میں — خمارِ دانۂ گندم بھرا ہے شاہ کے سر میں
۱۹۳۶

؎ حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ عشق کے متعلق فرماتے ہیں: "این خمار از گندم بود"۔

(۸)

بعشقِ پیرزن کاں ترک گفتہ شوئی ثانی را — شہ اڈورڈ ہشتم کرد آخر ترکِ تاج وگاہ

بریں مردانہ ہمت آفریں گوے و تباریخش — بگو ہاتف سلامت باد استقلالِ عشقِ شاہ

(۹)

گرفتی ز اڈورڈ و دادی بجارج — بشد ما تشاءُ، نشد ما نشاء

ثمر دی چو اے دل کہ معزول شد — بگو تنزع الملک ممن تشاء

۱۹۳۶ء

(۱۰)

شاہ لے شاہی کہ شادی، ایک چیز — پر یہ مسٹر بالڈون کی رائے سخت

میں نے بھی تاریخ کہدی سے لیکے ایک — یعنی "یا محبوبہ لے یا تاج و تخت"

(۱۱)

ہوا سلطنت میں جو یہ انقلاب — بہت کچھ بڑے پادری کا ہے دخل

دل شاہ ٹوٹا، یہ تاریخ لکھ — بشپ آف کنٹربری کا ہے دخل

(۱۲)

اڈورڈ کی اس نے دل سے ہمدردی کی | نکلا تو یہ ایک شخص مشکل کا شریک
تاریخ بھی میں نے حسبِ موقع لکھی | ہر مشورہ بے مثال چرچل کا شریک

۱۹۳۶

(۱۳)

حامدؔ عجبے نیست ازیں گردشِ ایام | گر جارج بتخت آمد و اڈورڈ اگر رفت
تاریخ نوشتہ ست عجبے کلکِ مورخ | ما را چہ از انجام کہ گاؤ آمد و خر رفت

۱ ۹ ۶ ۳ ۲

(۱۴)

بت عجلت سے کی تھی ترکِ شاہی، اور یہ آساں تھا | مگر عدت نے راہِ وصل ماری، یہ قیامت ہے
اگر لکھا ہو حامدؔ سالِ ہجری عیسوی یکجا | کہو، اپریل کی ساعت شماری، یہ قیامت ہے

۵۸۱ ۰ ۱۳۵۵

۱۹۳۶

(۱۵)

چھ مہینے میں ابھی وصلِ مسز سمپسن میں | شوق کے حق میں ہے، یہ قید، تباہی گویا
برمحل میں نے یہ تاریخ کہی اے حامدؔ | آب و غربال ہے صبرِ دلِ شاہی گویا

۱۹۳۶

[illegible]

(۱۶)

ڈھل گیا اے شاہ جو خورشیدِ حُسن — پایا تو کیا پایا دل آرام کو

وصل ہو زوجہ سے تو تاریخ ہو — عید ہوئی ذوق وصلِ شام کو[*]

(۱۷)

دیدۂ مجنوں دے لیلیٰ ہو تو ہو — ہے جوانی کا تواب وقتِ وداع

لکھ دے یہ تاریخ کوئی شاہ کو — ہر دُکانِ حُسن و خوبی بے متاع

(۱۸)

حق کے ہاتھوں ملی شاہنشہ اذوردکو — مُلک کی شورش سے بھی دولت کے شر سے بھی نجات

میں نے یہ تاریخ لکھی سُن کے شاہی فیصلہ — تاج کے ساتھ آج پائی دردِ سری بھی نجات

(۱۹)

مزیدار ہو لاکھ، کیا خاک لذت — چبایا ہوا اک نوالہ ملا ہے

ہوئی فکر تاریخ ماجد تو دل نے — کہا، ٹوٹا پھوٹا پیالہ ملا ہے

---

[*] اُستاد ذوق دہلوی کا مشہور مصرع ہے۔

تضمین با مزہ

حالِ عاشقیِ شہ، بہ بیانِ حافظ و حامد

نہ چڑھتا کسلئے عشقِ بت شہ اڈورڈ کا پارا — کہ تھا حسنِ مسز سمپسن نے تیر بے خطا مارا
عجب کیا، کہ گیا ہے پہلے اک اللہ کا پیارا — اگر آں ترک شیرازی بدست آرد دلِ مارا
بخالِ ہندوش بخشم سمرقند و بخارا را

بھلا مسحور تھی جب عقل ساری اور دل سارا — سمجھتا کیا وہ، ناحق سب نے سمجھانے میں سر مارا
وزیر آے جو مانع تو ایکایک شاہ للکارا — اگر آں ترک برطانی (امریکی) بدست آرد دلِ مارا
بزلفِ کوتہ اش از تختِ شوہم دست دعوا را

اُدھر تھا حسنِ مردوشِ زن، برعکس اُدھر عالم — وہاں عصمت بیاں شاہی کے جا نکا تھا ذرہ ہردم
یہ اڈورڈ و مسز سمپسن پہ بھی صادق نہیں کچھ کم — من از آں حسنِ روز افزوں کہ یوسف داشت دانستم
کہ عشق از پردۂ عصمت بروں آرد زلیخا را

زعقدِ بے بہاے گوہرِ روشن بدانستم — زگلہاے ترِ خوشبوے صد گلشن بدانستم

زندرِ کارہائے خوب ہر فیشن بدانستم　　　ز حُسنِ روز افزونِ مسز سمپسن بدانستم
کہ عشق از تختِ انگلستاں فرود آوردشہ مارا

مسز سمپسن نے رنگِ عشق میں شہ کو دیا دہ ڈوب　　　کہ پھینکے اس نے سب ایل کراؤن اور ایل روب
غضب ہے، یہ جنوں بن جائے صحنِ عقل کی جاروب　　　فغاں کیں فتنۂ امریکی و شوخِ فرنگ آشوب
چناں بردہ است صبر از شہ کہ ترکاں خوانِ یغما را

کسی انجیلِ رُخ کا ہو شہِ ہندوستاں حافظ　　　رہے ہر حال میں اُسکا خدائے انس و جاں حافظ
یہ تضمین خوب لکھی، گو کہاں حامد کہاں حافظ　　　غزل گفتی و دُر سُفتی بیا و خوش بخواں حافظ
کہ بر نظمِ تو افشاند فلک عقدِ ثریا را

بدُرجِ لعل باشد لعل و مرجاں بحر دکاں حامد　　　بہ بُرج ماہ بخشد ماہ و خور را آسماں حامد
بلوحِ سیم بارد سیم و زر را کہکشاں حامد　　　بجشنِ شوخ ایں مصراعِ تاریخی بخواں حامد
بجامِ زر بیفشاند فلک عقدِ ثریا را
۱۹۳۲ء

سرِ تاریخ وصلش با مسز سمپسن اگر باشد　　　بگو۔ عقدِ ثریا را بہ جامِ زر فرو باشد
۱۹۳۷ء

حافظ کا شعر یہ ہے۔ فغاں کیں لولیانِ شوخ شیریں کار شہر آشوب　　　چناں بردند صبر از دل کہ ترکاں خوانِ یغما را

تواریخِ تخت نشینی ملکِ معظم قیصرِ ہند جارج ششم شاہ برطانیہ

چو دیدم جم حشم شاہِ معظم (۱) بشد تاریخ ہم "شاہِ معظم"
۱۳۵۶

سلطنت زیب وشان دیگر گیرد (۲) چوں شہ جارج تخت را آراید
قامد این سالِ تاجپوشی گفتم شاہد بختِ شاد چہرہ نماید
۱۹۳۷

(۳)

اِدورڈِ ہشتم کا تھا جشن ہونے والا کیا ہو گیا ہے یارب، انساں کی عقل گم ہے
اے خامۂ مورخ تاریخ جشنِ نو کی لکھ جشنِ تاجپوشیِ جارجِ ششم ہے
۱۹۳۷

(۴)

جو ڈیوک سے بنا کنگ، اب ہے وہ ڈیوک کا ڈیوک
ہے کنگ، ڈیوک تھا جو، بیداد کیجئے یا داد
قیصر کو اسکی شاہی، قامد کو اس کی تاریخ
تقدیر سے ملی ہے اب دولتِ خداداد
۱۹۳۷ء

؎ بحرِ خفیف = فاعلاتن مفاعلن مفعولن

(۵)

خرد سے فالِ تاریخی جو چاہی
تو بولی، جارجِ پائے تختِ شاہی

۱۹۳۶ء

(۶)

واقف ہے گلزارِ جہاں کا — پتا پتا، بوٹا بوٹا؛
بنکے گدائے عشق ملا ہے — ایک پیالہ ٹوٹا پھوٹا
بھیک کا لقمہ، لاکھ مزے کا — خاک برابر اَور کا جھوٹا
عشق نے پیٹا ڈھول خوشی میں — عقل نے غم میں سینہ کوٹا
ایک پھنسا ہے جال کے اندر — ایک اگر جنجال سے چھوٹا
اُس نے لوٹی حسن کی دولت — اِس نے مزہ شاہی کا لوٹا

لکھ قلمِ تقدیر سے تاریخ
بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا

۱۰۵۲
۸۸۴
۱۹۳۶ء

تواریخِ انتقالِ ناگہانی

۱۹۳۶

منشی دھنپت رائے "پریم چند" ادیبِ کامل و نقادِ ہندی و اُردو

۱۹۳۶ء

(۱)

اِس دَور میں ہوئی ہے ادیبوں کو کم نصیب — رکھتے تھے جو قلم میں روانی پریم چند

بے مثل تھا فسانہ نگاری میں طرزِ خاص — رکھتے نہ تھے زمانے میں ثانی پریم چند

نقاد بھی، اَدیب بھی، ناول نگار بھی — تھے شاہِ کشورِ ہمہ دانی پریم چند

تکمیل اَور ہندی و اردو کی تھی ضرور — تھی موت ابھی سے تم کو نہ آنی پریم چند

"ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق" — گو زندگی سبھی کی ہے فانی پریم چند

رکھتے تھے تم بھی عشقِ ادب، عشقِ ملک و قوم — کی نذرِ عشق تم نے جوانی پریم چند

زندہ ہو تم بھی، زندہ ہیں جب تک زبان و ملک — یہ زیست وہ ہے جو نہیں آنی پریم چند

باقی رہے گی ہندی و اُردو کے ساتھ ساتھ — چھوڑی ہے تم نے ایسی نشانی پریم چند

خامہ پریم چند کی تاریخِ انتقال — ہر "فخرِ عصر و بحرِ معانی پریم چند"

۱۹۳۶

"تاریخِ واقعۂ لطیفہ مَا لَمْ یُسَمَّ فاعِلُہٗ"

۱۹۳۲

میاں کے گھر میں وہ آئی ہے بیگم بنکے جس دن سے
اسی دن سے پہن رکھا ہے شاہی تاج بیوی نے

مسہری پر وہ بیٹھی پان کے بیڑے چباتی ہے
میاں کے سر پہ لکھ رکھے ہیں چلنی چھاج بیوی نے

مگر وہ تھے مولانا بھی، خانصاحب بھی، شوہر بھی
سمجھ رکھا تھا کیا اپنا انھیں محتاج بیوی نے

وہ سمجھے، یہ بھی ہے توہینِ انکی شوہریت کی
اگر مانا نہ اُن کو ثانیِ حجّاج بیوی نے

کیا گھونسا رسید اکدن کہ اچھا یوں تو مانے گی
اگر مانا نہیں اب تک میاں کا راج بیوی نے

مگر وہ ایک آفت تھی، پلٹ کر دہ دیا تھپّڑ
کہ سر سے کر دیا خنّاس کا اخراج بیوی نے

جتایا انتقام اور زور دونوں ایک تھپّڑ میں
نکالے دیکھیے اک پنتھ میں دو کاج بیوی نے

چھٹی کا دودھ تو آپ کو بھی یاد آگیا ہوگا
لیا اپنی لیاقت کا ایسا باج بیوی نے

یہ سنکر واقعہ تاریخ برجستہ کہی میں نے
طبیعت آپ کی بھی ٹھیک کردی آج بیوی نے

۱۳۵۳

لہ (تزوج) جس بحر فاعل کا نام ذکر نہیں کیا گیا ۔ سہ "واقعہ" عربی و فارسی میں مؤنث ہے ۔ اسلئے "فاعلہ" مؤنث کی ضمیر لانا چاہئے تھا ۔ لیکن تاریخ کی خاطر بے قاعدگی جائز لی ہے

تاریخ وفاتِ مفاجاتِ ڈاکٹر انصاری

ڈاکٹر مختار احمد انصاری بے نظیر ڈاکٹر اور مخلص کانگریسی لیڈر تھے۔ تشخیص، علاج اور جراحی تینوں میں بڑا کمال تھا۔ دس سال ولایت میں رہ کر تعلیم و مشق حاصل کی تھی۔ بعض آپریشن عجیب و حیرت ناک کئے ہیں۔ نواب بھوپال و نواب رامپور (سابق و حال) کے معالج خاص تھے۔ غازی پور وطن تھا اور دہلی میں مطب۔ نواب رامپور کے یہاں سے واپس آ رہے تھے کہ اثنائے شب میں ٹرین ہی میں قلب کا دورہ پڑا۔ اور بس ایک انتقال ہو گیا۔ آخری بات جو منہ سے نکلی یہ تھی کہ میں سفر سے تھکا ہوا ہوں ابھی سونا چاہتا تھا لیکن میں دیکھ رہا ہوں کہ مر رہا ہوں۔ غالباً یہ بات انگریزی زبان میں کہی ہوگی۔ عجیب و حسرت ناک موت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے!
(جون ۱۹۳۶ء)

تواریخ انتقالِ ناگہانی
۱۹۳۶

بر

سنگ مزار ڈاکٹر انصاری
۱۳۵۵

زبدۂ عصر ڈاکٹر انصاری — فخر عہد ڈاکٹر انصاری — کانِ وقار ڈاکٹر انصاری

نادر العصر سرجن ڈاکٹر انصاری — حق گو لیڈر ڈاکٹر انصاری

طبیب ہمدم مقبول مختار احمد انصاری
۱۹۳۶

(۱)

بڑے ڈاکٹر تھے مگر حکم حق میں — حذاقت نہ کچھ کام واللہ آئی
یہ تاریخ خود مشعرِ واقعہ ہے — قضا ریل میں ہائے ناگاہ آئی
۱۳۵۵

[illegible]

(۲)

وہ دہرہ دون سے جاتے تھے دہلی کہ رستے میں ملا حکم خدا آہ

وہ حاذق ڈاکٹر بے مثل سرجن نہ اپنے واسطے کچھ کر سکا آہ

نہیں میں چاہتا مرنا ابھی سے دم آخر کہا تو یہ کہا آہ

لکھو حامد یہ عبرت ناک تاریخ

بچھوڑے خود مسیحا کو قضا آہ

۱۹۳۶

---

(۳)

کسی نے مجھ سے پوچھا، کون ہے، یہ جسکی تربت پر کہا میں نے، مشیر جان نثار ملک و ملت ہے

۱۹۳۶

---

(۴)

انکی تاریخ رقم حامد غمگیں نے کی پیش آیے سفر آخرت ایکا ایکی

تاریخ کامیابی خواجہ احمد فاروقی خلف مولوی حسن احمد صاحب مرحوم در امتحان بی اے

افغانِ تاریخ میں یہ ایجاد بندہ ہے کہ B.A. کو انکے مترادف حروفِ اردو میں لکھا ہے

خواجہ احمد فاروقی بچھرایونی ب، ا

۱۳۵۵

قطعۂ تاریخ بے تکلف

۱۹۴۲ء

فرطِ سخاوت

۱۳۶۱

میں نے دیکھا کہ ایک بُرقع پوش — آئی کل رات قبرِ حاتم پر

میں بھی کچھ جاگتا تھا کچھ سوتا — رکھے اک ہات قبرِ حاتم پر

اس نے آکر کئے عجیب و غریب — التفات قبرِ حاتم پر

برسی مُردے پہ آتے ہی کیا کیا — رہی برسات قبرِ حاتم پر

ٹھوکریں پھر رسید کیں پیہم — پانچ یا سات قبرِ حاتم پر

پھر جو سوجھی، تو اپنے بوٹ کی نوک — رکھ کے ہیہات قبرِ حاتم پر

"تجھ سے بڑھ کر ہیں دینے والے ہم" — لکھ دی یہ بات قبرِ حاتم پر

کھل گئی آنکھ، جب نہ دیکھ سکا — یہ خرافات قبرِ حاتم پر

رکھی دیکھی مٹھائی جس کے سبب — تھیں یہ آفات قبرِ حاتم پر

یہ سخاوت تھی، جس کے باعث تھا — کبر و طامات قبرِ حاتم پر

سر میں دعویٰ جو تھا تو کرنا تھا — اس کا اثبات قبرِ حاتم پر

خوب صدیوں کے بعد حاتم کو — جا کے دی مات قبرِ حاتم پر

ہوئی تاریخ بھی کہ فی الواقع — مار دی لات قبرِ حاتم پر

۱۳۶۱ھ

سرورقِ بیاض جو حسن میاں کی دُلھن کیلئے تیار کی گئی

کُلُوا وَاشْرَبُوا وَلَا تُسْرِفُوا
۱۳۵۷

ضروری و پسندیدہ
۱۳۵۷

نسخہ جات و تراکیب قلمی

۱۹۳۸

لاجواب اچار و چٹنی وغیرہ
۱۹۳۸

برائے دلچسپی عزیزی عصمت دُلھن صاحبہ سلمہا
۱۳۵۷

بنت عالی مناقب مولانا الحاج عابد حسین فریدی ایم اے ایل ٹی
۱۹۳۸

پروفیسرِ اعلیٰ سینٹ جانس کالج
۱۳۵۷

مُرتّب کردہ حامد حسن قادری
۱۳۵۷

بتاریخ ۱۰ جمادی الاولیٰ
۱۳۵۷ھ

[illegible]

بیاض میں پہلے ورق پر اور سرکہ کی چٹنی کے نسخے کے اوپر یہ تاریخیں درج ہوئیں

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم
۷۸۶

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْم
۱۱۰۲

سنہ ۱۹۳۸ء

مطابق کلام ہدیٰ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ
۱۳۵۰

بحسب ارشادِ رسول اللہ نِعْمَ الْإِدَامُ الْخَلُّ
۱۹۳۸

(ترجمہ)

حدیث مصطفوی ہے کہ سرکہ عمدہ سالن ہے
۱۳۵۰

۴ جمادی الاولیٰ سنہ ۱۳۵۰ھ کو اندراج کیا
۱۹۳۸

سے اس نسخ میں پہلے سے بہت زیادہ ندرت و جدت پیدا کی گئی ہے۔ یعنی ابجد (۱) اور سنہ ہجری میں ملا کر [illegible] اور [illegible] کر [illegible] کے عدد اور ہجری کو (۴) کے عدد (۵) [illegible] گیا ہے۔ اس صورت میں [illegible] نکالا گیا [illegible] ہو گئی۔

تاریخِ تعمیرِ دیوار

۲ر فروری ۱۹۴۷ء کو مکرمی عبدالحی صاحب فرحت فرزند خان بہادر ڈپٹی عبدالغفار صاحب
مرحوم نے فرمائش کی کہ ان کا مکان شکستہ کی دیوار ان کے بھتیجے اقبال صاحب انسپکٹر پولیس
بنوا دئیے ہیں، اس کی تاریخ کہہ دیجئے۔ اسی شب میں یہ تاریخ اور قطعہ مرتب ہو گیا

حُسن کا جال سایۂ دیوار — حُور کے بال سایۂ دیوار
آ کے فرحت محل میں چلتا ہے — ناز کی چال سایۂ دیوار
فرش گویا ہے سنگِ مُوسیٰ کا — وہ بھی پکڑال سایۂ دیوار
مِثلِ رنگِ غلافِ کعبہ ہے — اے خوشحال سایۂ دیوار
چلنے والے، ادب سے چل بچ کر — ہو نہ پامال سایۂ دیوار
ہے تواضع میں اپنے مالک کی — صورتِ حال سایۂ دیوار
مثلِ لیلائے قیس رکھتا ہے — سب خط و خال سایۂ دیوار
کبھی بڑھتا ہے کس نزاکت سے — زُلف تمثال سایۂ دیوار
گھٹ کے کرتا ہے پھر کبھی پیدا — صورتِ خال سایۂ دیوار

ہوگیا آج رات بھر کے لئے　　جی کا جنجال سایۂ دیوار

تھی یہ تعمیلِ حکمِ عبدالحی　　ورنہ کیا مال سایۂ دیوار

بن گیا میری موشگافی سے　　بال کی کھال سایۂ دیوار

فیضِ اقبال سے بنی دیوار　　اس پہ ہے ڈال سایۂ دیوار

کتنا موزوں ہے مصرعِ تاریخ

ظلِ اقبال سایۂ دیوار

۱۳۶۱ھ

تواریخِ "نقش"

رسالۂ نقش کراچی بادارت اسلم فرخی و شمس بریلوی

آج ہے قادری کے پیشِ نظر　　اسلم و شمس کی کرامت "نقش"

جس کا ہر صفحہ ہے ادب منقوش　　جس طرح دل پہ ہو محبت نقش

سال ہجری ہے: "رشکِ گلشن نقش"　　دوسرا: "گلشنِ لطافت نقش"

۱۳۸۰ھ　　۱۳۸۰ھ

قادری، سالِ عیسوی یہ ہے

"جدت و ندرت و نزاکت نقش"

۱۹۶۱ء

یادگارِ غمگیں
۱۳۵۲

بر

مرقدِ منوّرِ واصلِ حق مولوی محمّد مہدی صاحب قبلہ
۱۳۵۲ ھ

بَرَدَ مَضجعَہُ اللّٰہُ جلّ جلالہٗ دائماً ابداً
۱۳۵۲

مہدی گرفت دامنِ سلطانِ اولیا
یعنی نظامِ رُشد و ہدیٰ۔ جانِ اولیا

ذوقے دگر ز جامِ حقیقت باو رسید
شوقے دگر ز مستیِ عرفانِ اولیا"

خاصانِ اولیا سلفِ صالحینِ او
اَخلافِ او ز جُملۂ اعیانِ اولیا

محمود خود بہ فضلِ خدائے لطیف بود
فرزندِ او عزیزِ دل و جانِ اولیا

فاروقی و فریدی و چشتی و قادری
دَر نسبت و نسب گُہرِ کانِ اولیا

تا زیست زیست باکرم و فیضِ اتقیا
چوں رفت رفت با حشم و شانِ اولیا

تاریخِ رحلت آمدہ از اہلِ آسماں
با اولیاست حشرِ مُحبّانِ اولیا
۱۳۵۲ ھ

طلسم عنوانات تاریخی
۱۳۵۷

جو بی اے پرشین کورس (برائے امتحان ۱۹۴۰ء) مرتبۂ خاکسار راقم کے ضمیمہ کے ٹائٹل پیج پر لکھا گیا

بسم اللہ علیم الغیوب
۱۳۵۷

ترتیب الضمیمہ
۱۹۳۸

در

مقالات مفیدہ و ضروریہ
۱۹۳۸

یعنی

آئینۂ سیرت و تبصرۂ مصنفانِ عجم و ہند
۱۹۳۸

با معلوماتِ جدیدۂ اصنافِ شعر و صنائع و بحور و اوزان
۱۹۳۸

از کلک مولانا حامد حسن قادری پروفیسر سینٹ جانس کالج
۱۹۳۸

در مطبع آگرہ اخبار بحسن طبع زیب جہاں شد
۱۹۳۸

سرورقِ تاریخی

میرے قدیم شاگرد سید علی مقدس رضوی ڈبل ایم اے (فارسی و اردو) بی ٹی اکبر آبادی ہر سال محرم میں ایک مجموعہ سلام شائع کرتے ہیں۔ اس مرتبہ مجھ سے ایسا تاریخی نام کی فرمائش کی جس میں سنہ پورا آ جائے چنانچہ مرتب کر دیا گیا۔

اعوذ باللہ الحمید العزیز الحلیم من الشیطٰن الرجیم
۱۹۴۱ء

قَدْ جَاءَتْكُمْ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ
۱۹۴۱ء

اُولٰئِكَ هُمُ الرَّاشِدُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً
۱۹۴۱ء

مشہدِ اعظم
۱۳۶۰ھ

ذکرِ حالات ، مرثیۂ کشتگانِ ناحق
۱۳۶۰ ۱۳۶۰

احوالِ شہدائے آلِ محمد رضوان اللہ علیہم اجمعین
۱۹۴۱ء

جمع نمودۂ جناب سید علی مُقدّس رضوی ایم اے سلّمہٗ
۱۹۴۱ء

کنزِ تواریخ مرثیہ
۱۳۶۰

از بندۂ عجز نہاد حامد حسن قادری پروفیسر سینٹ جانس کالج
۱۹۴۱ء

بسم اللہ العلی العظیم
۱۳۶۰ھ

تواریخِ جاں افزا
۱۳۶۰ھ

و

اشعارِ مسرت انگیز
۱۳۶۰ھ

بر

تقریبِ سعیدِ سعیدِ عصر
۱۳۶۰ھ

یعنی

بسم اللہ خوانیِ شاہزادہ سید اشرف حسین
۱۹۴۱ء

صاحبزادۂ محبوب جناب سید اختر حسین شاہ
۱۹۴۱ء

بسم اللہ شاہزادہ ذی جاہ نے پڑھی — کیوں خوش نہوں حضورِ شہنشاہِ دیں پناہ
مسرور آج اعزہ و احباب کیوں نہوں — کیوں شادماں نہو دلِ خدامِ بارگاہ
قائم رہے حضور کا فیضان تا ابد — سایہ ہے ان کا ظلِ الٰہی، خدا گواہ
ہیں سال ایک شعر میں ہجری، عیسوی — یہ بھی ہے قادری، کرم شاہ و شہنشاہ
کہدو کہ "ہو مبارک الٰہی حضور کو — عیش و سرور سید اشرف حسین شاہ"
۱۳۶۰ھ — ۱۹۴۱ء

۱۰ مارچ ۱۹۴۱ء شنبہ (۱۲ ربیع الاول ۱۳۶۰ھ) کو حضرت قبلہ عالم ابر رحمت قدس سرہٗ [illegible] نے اپنے بڑے فرزند شاہزادہ سید اشرف حسین کو بسم اللہ [illegible]
[illegible] کی تاریخیں [illegible] حضرت [illegible] اور [illegible] صوفیہ میں چھپا دیا۔

تاریخِ وفات

یگانۂ آفاق خواجہ ابوالحسن قادری
۱۳۵۶ھ

خواجہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ ، مسٹر حامد حسین صاحب قادری بی اے ، ایل ٹی ،
ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی اسکول آگرہ کے چچا تھے ۔ مسٹر صاحب نے انتقال سے
چار پانچ سال بعد مجھ سے حال ہی میں تاریخ لکھوائی تھی ۔ اس کا مطلع یہ ہے :

مَاتَ خواجه بوالحسن کَانَ لَهُ — عِنْدَ رَبِّ الْعَرْشِ اَجْرٌ اَعْظَمُ
قُلْتُ فِي الْعَامَيْنِ تَارِیْخُ الْوَفَاتِ — يَغْفِرُ اللّٰهُ الرَّحِيْمُ الْاَكْرَمُ

۱۳۵۶ھ + ۵۸۱
۱۹۳۷ء

تاریخِ وفات

لمدِ رمضانی شاہ تیلی ولی
۱۹۴۵ء

تیلی جو بڑے ولی تھے رمضانی شاہ — پردہ ہم سے انھوں نے فرمایا ہے
اے قادری، انکی لوحِ تربت کیلئے — تاریخ یہ ہے: "وصلِ ذاتِ حق پایا ہے"

۱۳ ۲ ۶۴

مرحوم تیلی پاڑہ عالم گنج (لوہا منڈی) میں رہتے تھے ۔ میرے ہی محلہ میں مولوی عالم شاہ کا مزار تھا

تاریخ وفات جناب سائل دہلوی

بزمِ احباب بجے پور نے ۲۲ فروری ۱۹۴۶ء کو یوم سائل منایا تھا۔ یہاں سکریٹری مصباح امروہی عثمانی نے مجھے بھی شرکت کی دعوت دی تھی۔ اور اشتہار بھی تھا۔ اس میں مصرعہ کی طرح یہ تھی ا— "جناب داغ کے داماد ہیں اور دلّی والا ہیں" مجھے ۱۷ فروری کو دعوت نامہ مطبوعہ ۵ بجے ملا۔ میں نے اسی وقت اسی کاغذ کی پشت پر یہ قطعہ تاریخ لکھ دیا۔ مصرعۂ تاریخ میں تعمیہ کی ضرورت تھی اس لیے سکریٹری مصباح کو نام سے الگ کیا اور بھیج دیا

حضرتِ سائل کا ماتم ہو رہا ہے بزم میں / ہم یہاں غمگیں ہیں، وہ خلدِ بریں میں شاد ہیں

دھوم تھی سائل کی ہندوستان میں کیا، کُل ہند میں / ان کا[5] پڑھنا یاد ہے، پڑھنے کا تیور یاد ہے

قدردانِ رنگِ دہلی سب ہیں انکے قدرداں / ان کے قائل ہیں جو طرزِ داغ کے نقاد ہیں

داغ کا ہم رنگ، ہمدم، ہم زباں، ہم خانداں / ہیں جہاں استاد کے شاگرد، خود استاد ہیں

یہ نکلتا ہے دلِ مصباح سے سالِ وفات

"دلّی والے ہیں جنابِ داغ کے داماد ہیں"

۱۳۶۲

۲

۱۳۶۴ھ

[5] [illegible]

تاریخِ انعام یافتنِ عزیزی خالد حسن قادری سلمہٗ

در مقابلۂ تقریر و غزل گوئی

نومبر ۱۹۸۱ء میں آگرہ کے ڈاکٹر لودھی کے حسب معمول آل انڈیا آل نبی قرانی ٹرافی کا سالانہ مقابلہ اردو تقریر کا ہوا۔ اس میں خالد اول نمبر رہا۔ ٹرافی جیتی اور کپ ملا۔ پھر دسمبر ۱۹۸۱ء میں حلیم انٹر کالج کانپور میں فی البدیہہ غزل گوئی کے مقابلے میں خالد بھی جا کر شریک ہوا۔ اور دوسرے نمبر کا انعام پایا۔ خالد کا یہ پہلا موقع تھا (اس وقت خالد کی عمر ... مقابلہ اس وقت عزیزی ... ۱۹۸۱ء میں ہوا تھا۔)

لئے تمغہ۔ کپ کانپور۔ آگرے میں	بجا ہے۔ اگر اس پہ ہے ناز خالد
اِدھر ذوقِ خود ساز بھی کارگر تھا	اُدھر تھا جو ذہنِ خداساز خالد
غزل اور تقریر میں نام پایا	ہے تاریخ۔ طغرائے اعزازِ خالد ۱۹۸۱ء

تاریخ انعام غزل یافتن عزیزی مُغیث الدین فریدی فتحپوری سلمہٗ

کانپور میں فی البدیہہ غزل گوئی کے مقابلے میں خالد کے ساتھ مغیث بھی تھے۔ ان کو اول نمبر کا انعام ملا

نمبرِ اوّل غزل گوئی کی تاریخیں ہوئیں	"بادۂ عیشِ مُغیث" و "مقصدِ نازِ مُغیث" ۱۴۰۲ھ ۱۹۸۲ء
ہے "نویدِ کامرانیِ مُغیث" ۱۹۸۲ء۔ اک سال اور	قابلِ فخر و مسرّت ہے یہ اعزازِ مغیث

اتفاق یہ ہوا کہ [illegible] ابوالحسن فریدی [illegible] اہلیہ کا
پاس ہونا [illegible] میاں بیوی دونوں تمغادار ہو گئے [illegible]
[illegible] اب
بیوی کو ادیب کا تمغہ ملے گا۔ چنانچہ میں نے یہ تاریخ کہہ دی۔

بی اے ہیں آپ میاں اوّل، بیوی ادیب میں پہلے پار
ہے تاریخ "میاں بیوی ہو گئے دونوں تمغادار"
۱۹۴۲ء

[illegible] تاریخ [illegible]
[illegible]
[illegible]

امتحانِ ادیب پاس کیا — ہے ادب میں وہ کاملہ بے بی
دوسرا درجہ پہلی بار لیا — کیوں نہ کہلائے عاقلہ بے بی
بڑی اوّل ہے اور دوم چھوٹی — قدرتی تھا یہ سلسلہ بے بی
نہیں جاتی ہے رائگاں محنت — تو نے بھی پا لیا صلہ بے بی
نام کی فاضلہ لکھی نہ پڑھی — تھی اک ایسی بھی جاہلہ بے بی
ہو گئی وہ بھی کر کے جوں توں پاس — نہ رہا اس کو بھی گلہ بے بی
تو نے محنت سے پاس ہو کے کیا — حق و باطل کا فیصلہ بے بی
تجھ پہ اور تیرے خانداں پہ رہیں — حق کے الطاف شاملہ بے بی
تیری تاریخ کا میاں بی ہے — "فاضلہ ہی ہے فاضلہ بے بی"
۱۹[illegible]ء

(آسیہ نے [illegible] ناپسند کی اور دوسروں کو [illegible] کی۔ کے لئے یہ لکھی گئی)

تاریک فضائے علم اِس مُلک میں تھی — تھے چھائے ہوئے جہل کے بادل سب میں

تقلید کریں گی تری بہنیں تیری — کر دے گی اُجالا یہی مشعل سب میں

تُو جیسے رہی ادیب میں آج اوّل — اوّل رہی ماہر میں یونہی کل سب میں

پایا ہے جو تو نے امتحاں میں تمغا — اب فضل ترا ہے قولِ فیصل سب میں

لڑکی نے جو امتحاں کی بازی جیتی — حیران ہیں سب پڑی ہے ہلچل سب میں

گھر رہ کے جو تو نے باپ بھائی سے پڑھا — خوبی ہوئی پردے کی مُدلّل سب میں

دین اور دُنیا سبھی سنور جاتے ہیں — ہو جاتی ہے جب علم کی صیقل سب میں

جتنے بھی ہیں علم، سب میں تو کامل ہو — جتنی بھی ہیں نیکیاں مکمّل سب میں

تاریخ یہ تیری کامیابی کی ہوئی

بی آسیہ سب میں اوّل۔ افضل سب میں

۱۳۶۰ھ

باسمہ تبارک وتعالیٰ عزوجل

تربتِ معنبر

۱۳۶۴ھ

فِی الْجَنّٰتِ خٰلِدِیْنَ فِیْہَا

سورہ ۱۳۶۴ھ ھود

مولانا حاجی عابد حسین صاحب فریدی جماعتی نور اللہ مرقدہ

۱۳۶۴ھ

خلیفۂ مجاز کعبۂ دوجہاں قبلۂ عالم علی پوری ارواحنا فداہم

۱۹۴۵ء

عابد و شیخ ہادیِ عارف ۱۳۶۴ھ	زاہدے صادق تقا مرآت ۱۳۶۴ھ
سالکِ کاملِ فنا فی الشیخ ۱۳۶۴ھ	قطبِ ربانی ارفع الدرجات ۱۳۶۴ھ
عاشقِ مصطفیٰؐ و رمز شناس ۱۳۶۴ھ	روحِ عشاق مہبط برکات ۱۳۶۴ھ
آمدہ ہم زعشقِ پیر شرف ۱۳۶۴ھ	اشرف الناس کاملُ الحسنات ۱۳۶۴ھ
کرم و فضلِ صاحبِ لولاک ۱۳۶۴ھ	بادبا جاہ ضامنِ جنات ۱۳۶۴ھ

از اقل العباد حامد حسین قادری نقشبندی جماعتی کان اللہ لہ

۱۹۴۵ء

یہ لوح مزار کی نقل ہے جو درگاہ سیدنا امیر ملت رحمۃ اللہ علیہ [illegible] ۱۳۶۴ [illegible]
[illegible] : (۱) زاہد (۲) عارف (۳) صادق (۴) [illegible]

تاریخ

(۱۳ ستمبر ۱۹۴۸ء ۸ ذیقعدہ کو)

(۱)

یہ نکلا سال، ہوا جب تباہ یہ صوبا کہ: "آہ قاسم رضوی دکن کو لے ڈوبا"

۱۳۶۷ھ

---

(۲)

بتاریخ دکن می گویم و تصدق اندر آں دانی "چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی"

۱۹۴

۱۱۷۳
۱۹۴
۱۳۶۷ھ

تاریخِ دلچسپ

۱۷ ستمبر ۱۹۴۸ء کو میں صحن میں بجلی کی روشنی میں بیٹھا ہوا تھا۔ ۱۱ بجے بجلی بند کی تو دیکھا کہ تمام آنگن میں خوب چاندنی چھٹکی ہوئی ہے مجھے خیال بھی نہ تھا کہ پورا چاند ہے۔ بجلی کی تیزی میں چاندنی غائب ہو گئی تھی۔ یہ خیال آتے ہی ایک مصرع زبان سے نکلا اور فوراً تاریخ کا خیال آیا۔ بجلی پھر روشن کر کے مصرع لکھ کر عدد نکالے تو پورا سنہ برابر نکلا۔ بالکل ٹھیک تھا۔ وہ یہ ہے

"سے مٹے بجلی کے غائب چاندنی"

۱۳۶۷ھ

تواریخ

"کیفیاتِ مرض و شفا"

۱۹۴۸ء

میں ۲۲ اگست ۱۹۴۸ء سے تقریباً ڈھائی مہینے آغاز نومبر تک مسلسل بیمار رہا۔ نزلہ زکام سے آغاز ہوا پھر بخار جاڑا آیا۔ پھر خفیف حرارت رہنے لگی۔ ضعف بہت ہو گیا۔ باوجود اکثر ضعف بہت رہا۔ کبھی حرارت بالکل محسوس نہ ہوتی تھی مگر ہو ہو جاتی تھی۔ میں اس عرصے میں ہر کیفیت اور تغیر کی تاریخیں کہتا رہا۔ یہ اشعار تاریخیں اپنی بیماری و صحت کی ہیں۔ ان ایام میں علاوہ اور قسم قسم کی آتی جاتی تکلیفوں کے جو کہ پیرانہ سالی میں آتی ہیں کچھ بوجھ بھی اس لئے کہ باوجود حرارت و ضعف کے لکھنے پڑھنے کا سلسلہ برابر جاری رہا۔ ایک انگریزی فرنچ کی ۱۱۰۰ صفحوں کی کتاب لیٹے لیٹے پڑھ ڈالی۔ خطوط وغیرہ بھی لکھتا رہا۔ بیماری کی بعض تاریخیں اخبار مدینہ سکندرہ راؤ میں شائع کرائیں۔

(۱)

کہا یہ میں نے جو دیکھا اترا ہوا ہے بخار — کہ "آجکل مرے پیچھے پڑا ہوا ہے بخار"
۱۳۶۷ھ

(۲)

تاریخ عیسوی بھی یہ نکلی ہے بے بدل — "پیچھے مرے بخار پڑا خوب آج کل"
۱۹۴۸ء

(۳)

سوجھتی تاریخ ابھی بار ہمیں — "تین ہفتے سے ہے بخار ہمیں"
۱۹۴۸ء

(۴)

تقاضے جب ہوئے تاریخ کے بار بار ہوئے — کہا "بخار تو ہے، ہفتے آج چار ہوئے"
۱۹۴۸ء

(۵)

ماہِ تاریخ و دعا می رخشد — کہ "رہائی ز حرارت بخشد"

۱۹۴۸ء

(۶)

تخفیص بھی کچھ اس میں، تعمیم بھی ہے — ہر حکمِ خدا واجب تعظیم ہی ہے

وہ بیمار مرض، شفا بھی پہروں کہ نہ دے — ہر حال میں شکر، اسکی تعلیم ہی ہے

تاریخیں ہیں عیسوی و ہجری دونوں

منظور جو کچھ حق کو، وہ تسلیم ہی ہے

۵۸۱ + ۱۳۶۷ء

۱۹۴۸ء

(۷)

کیا ہے فکرِ حرارت ایسی — جائے گی خود جو ہو گی جانی

رکھئے تاریخ کے مدِ نظر — "جاری اپنی کتاب خوانی"

۱۳۶۷ء

(۸)

دبایا مرض نے ہمیں ایک ایک (۱۳۶۷ء) — بڑا ضعف سے پر لا لفت ہمارا (۱۹۴۸ء)

چلدیا ہے یہ پیر تاریخ کا یہ (۱۹۴۸ء) — حرارت نے چھوڑا ہے پیچھا ہمارا (۱۳۶۷ء)

(۹)

پس از روئے بیچارگی کہہ ہی ڈالا
"مرض نے سب کا پلیتھن نکالا"
۱۹۴۶
۲
۱۹۴۸ء

(۱۰)

شفا حاصل ہوئی جب حسبِ احکامِ خداوندی
کہی تاریخ۔ "صحت بھی ہے انعامِ خداوندی"
۱۳۶۷ھ

(۱۱)

سالِ صحت کہئے، جو حق ہے لطفِ بے قیاس
"موجبِ احسان و منّت، موجبِ شکر و سپاس"
۱۳۶۷ھ

(۱۲)

(بتاریخ گزشتہ کل سے پھر حرارت ہو گئی)

دل مرض سے نہ ہو پریشاں
سوچتی تھی یہی بات اول سے

جو نتیجہ ہے وہی ہے تاریخ
"پھر بخار آ ہی رہا ہے کل سے"
۱۳۶۷ھ

(۱۳)

تاریخ کا یہ سجھا ہے کھٹکا
"پھر آج ہوا مرض کا حملہ"
۱۳۶۷ھ

(۱۴)

حرارت کی تاریخ سمجھ جائیے
کہ "اس کو مرض گوشت کا جانیے"
۱۹۴۸ء

تواریخ "لطائفِ ادبی"

(مرتّبہ مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی صدیقی گوپاموی ثم اکبرآبادی)

(۱)

زکلکِ انتظام اللہ شہابی
ببیں حامد کمالِ بذلہ سنجی
ز بہر سالِ تالیفِ "لطائف"
بگو تازہ نہالِ بذلہ سنجی
۱۳۵۹ھ

(۲)

دیکھکر ذوقِ مفتی صاحب کا
کیوں نہ سب جان و دل سے ہوں شیدا
کیا ہوئی بولتی ہوئی تاریخ
بات میں بات ہوتی ہے پیدا
۱۳۵۹ھ

(۳)

انتظام اللہ صدیقی نے،
بھر کے دامانِ گلِ شعر و سخن
پھول برسائے ہیں کیا کیا۔ دیکھیں
قدر دانانِ گلِ شعر و سخن
باغِ تاریخ کھلایا میں نے
چمنستانِ گلِ شعر و سخن
۱۹۴۰ء

(۴)

ادیبوں کے اقوال واحوال پڑھ کر — کئے جمع سب کے لطائف ظرائف
یہ تاریخیں نکلیں مسیحی و ہجری — کہ بے مثل ادب کے لطائف ظرائف

۱۳۵۸ھ + ۵۸۲
۱۹۴۰ء

(۵)

کیا دکھائی ہے مفتی صاحب نے — شانِ ذہنِ رسا و فکرِ رفیع
جمع کر کے نکاتِ شعر و سخن — کر دیا عرصۂ ادب کو وسیع
اُن کی تحریر ہے فصیح و بلیغ — اُنکی تالیف شاندار و وقیع
بکرمی اور مسیحی و ہجری — ایک مصرع میں ہیں یہاں جمیع

بات مشکل تھی، خوب بن آئی
چند بے مثل اختراعِ بدیع

۱۳۵۸ھ + ۵۸۲ | ۱
۱۹۴۰ء + ۵۷
۱۹۹۷ بکرمی

تواریخ "تاریخ آگرہ و شاہانِ مُغلیہ"

مُرتّبہ مفتی انتظام اللہ صاحب صدیقی

(۱)

عنوانِ تاریخی از قرآن مجید بر سرورق

قال الحکیم الازلی: لَقَدْ کَانَ فِی قَصَصِہِمْ عِبْرَۃٌ لِاُولِی الْاَلْبَاب

۱۳۵۹ھ

(۲)

مُفْتِیْنَا مُکَرَّمُنَا الْفَاضِلُ الْجَلِیْل — بِالْاِخْتِصَارِ دَوَّنَ تَالِیْفَہُ الْمَتِیْن

قَدْ کَانَ فِیْہِ ذِکْرُ سَلَاطِیْنِ الْاَگْرَہ — اَرَّخْتُ بِالْبَدِیْہَۃِ ذِکْرٰی لِلذَّاکِرِیْن

۱۹۴۰ء

(۳)

براوراقِ تاریخ کرده است زنده — بزرگانِ ماضی، نیاگانِ پیشیں

بالفاظِ رنگیں مُصوّر نمودہ — ہماں جاہِ رفتہ، ہماں شانِ پیشیں

بتاریخِ تالیفِ مُفتیِ فاضل — نوشتیم "تاریخ شاہانِ پیشیں"

۱۹۴۰ء

تواریخ تکمیلِ تعمیرِ نوری مسجد علی پور شریف ضلع سیالکوٹ

اعلیحضرت قبلۂ عالم امیر ملت محدث علیپوری دوام ظلہم و دامت برکاتہم نے ۱۲ سال ہوئے سرتاپا سنگ مرمر کی ایسی مسجد تعمیر فرمائی کہ ہندوستان میں کیا تمام عالم میں اسکی نظیر نہیں۔ قلعۂ آگرہ کی موتی مسجد غالباً دنیا میں سنگ مرمر کی سب سے بڑی مسجد ہے۔ لیکن وہ بالکل سادہ ہے، نقش و نگار و آرائش سے عاری۔ "نوری مسجد" مرمریں ہونے کے علاوہ اسقدر منقش و آراستہ ہے کہ دیوار پر سونا چڑھا ہوا ہے۔ دالان کے کواڑوں کی ایک جوڑی پر سونا۔ ایک جوڑی پر سیپ۔ ایک جوڑی پر ہاتھی دانت جڑا ہوا ہے۔ اندرونی دالان کی آرائش ستائش سے بالاتر ہے۔ دالان کے عرض میں چھت کے نیچے دو جھیل نیلم کا ٹکڑا لگا ہوا ہے۔ نوری مسجد کے مشرقی حصہ اور حوض کی تکمیل نہ ہوئی تھی۔ وہ اس سال ۱۳۶۰ھ میں پوری کر دی گئی حضرت والا کے بڑے صاحبزادہ عالیجناب محمد حسین شاہ صاحب قبلہ مدظلہم نے تاریخ کہنے کا حکم دیا۔ اسکی تعمیل میں یہ تاریخیں مرتب کر کے پیش کی گئیں۔ ۱۲ رجب ۱۳۶۱ھ۔

(۱) ذِکرُ اللہِ اَقدَمُ و اَکبَر
۱۳۶۰

(۲) وَ ذِکرُ اللہِ اَعلیٰ اَجَلُّ اَکبَر
۱۳۶۰

(۳)

جماعت علیشاہ قطبِ زمانہ — کہ سرتاجِ ہست اولیائے جہاں را
بنا مسجدے کرد از سنگِ مرمر — منوّر۔ مطہّر۔ مصفّا۔ مجلّا
بشد خوشنما مسجدِ نور۔ سالش (۱۳۶۰) — چو تکمیلِ مسجد شد از فضلِ مولیٰ
بگو قادری مصرعِ سالِ دیگر — چہ تعمیرِ نورٌ علیٰ نور زیبا
۱۳۶۰ھ

مسجدے ساخت قبلۂ عالم — کہ جہاں راست ملجا و ماویٰ
قادری گفت سالِ تعمیرش — کہ نہادست اساس بر تقوےٰ
۱۳۶۰

تواریخ محرم

آگرہ میں پورے عشرۂ محرم میں اور خصوصاً دو محرم کو تعزیہ داری بڑا زور شور رہتا تھا۔ اس سال بالکل خاموشی اور سناٹا رہا

(۱)

بولی تاریخ بے غمی کی، جو یہ ایام ہیں غم کے
محرم بھی ہوا اس سال ماتم میں محرم کے
۱۳ ھ ۷۸

(۲)

"روز عاشورہ یہ سناٹا ہے کیا"
۱۳۷۸ھ

(۳)

ماتم نہ تعزیہ نہ جلوس نہ علم ہے آج
تاریخ یہ ہوئی کہ "محرم کا غم ہے آج"
۱۳ ھ ۷۸

تاریخ

ہیں جدا دوستوں عزیزوں سے
کیوں نہ ہو زندگی سے دل اچاٹ

ملک کی بانٹ سے ہوئی ایسی
کر دیا دل کو آزردہ غم سے پاٹ

چھوڑ کر آگرہ [illegible]
پہنچے کوئٹہ۔ کراچی اور کوہاٹ

ہوئے برباد سب وطن چھوڑ کر
ناس کا ناس اور ٹھاٹ کا ٹھاٹ

سن ہجری قادری کی یہ تاریخ
"ہو گئے خاندان بارہ باٹ"
۱۳۷۸ھ

"تاریخ بستر عجیب"

۱۹۴۸ء

۲۰ رنومبر ۱۹۴۸ء کو جب میں سونے کیلئے لیٹا تو معلوم ہوا کہ میرے بچھونے پر ذرا سا لحاف بچھا ہوا ہے۔ وہ ذرا ذرا سا روئی کا بھرا ہوا تھا۔ کہیں زیادہ سا جمع ہو گیا تھا کہ کمر کے نیچے ناگوار ہوتا تھا۔ کہیں بالکل روئی نہ ہونے سے جھول سا پیدا ہو گیا تھا۔ اسی وقت کروٹیں بدلنے میں تاریخ ہو گئی

جمع ہو کر روئی کہیں ہے ابھار
بعض حصے ہیں خالی اور ڈھیلے
لیٹے لیٹے یہ ہو گئی تاریخ
کہ "یہ بستر پہ غند قیں۔ شیلے"

۱۹۴۸ء

تاریخ

۲۶ رنومبر کو رات میں جب بعد سونے کیلئے لیٹ گئے تو کسی فقیر نے دروازے کے باہر صدائیں دینی شروع کیں۔ کوئی دیوانہ معلوم ہوتا تھا۔ برابر اور زور سے چلّاتا رہا۔ دروازہ بھی پیٹ لگا تھا۔ اٹھنے کو جی چاہتا تھا۔ اسکی والدہ نے زبردستی اٹھایا اور دروازہ کھلوا کر روٹی دلوائی۔

یہ نشان ہے نعمت خدا کا
محتاج کا دست گیر ہو تم
تاریخ کا یاد رکھو مضمون
"اک وہ ہے غنی۔ فقیر ہو تم"

۱۹۴۸ء

"تاریخہائے آہنگِ رحلت"

۱۹۴۱ء

زبدۂ دہر جسٹس سر شاہ سلیمان رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۴۱ء

۱۲ مارچ کو دہلی میں انتقال ہوا۔ ۱۳ مارچ کو تاریخیں کہیں۔ ۱۴ مارچ کو آزاد اخبار میں شائع ہوئیں
[illegible]

(۱)

قد فاز سلیمان مفازا حسنا — فی القبر له موهبة خاصة

قد کان رؤفا لعباد اللہ — ارخ یا حامد، له مغفرة

۱۳۶۰ھ

(۲)

رختِ رحلت بست آں شاہ سلیمانے کہ بود — پاک دل، پاکیزہ باطن، نیک خو، نیکو نہاد

کلکِ حامد سالِ رحلت بہرِ لوحِ مرقدش — زد رقم، آرام گاہِ سر سلیمان خلد باد

۱۳۶۰ھ

(۳)

سانس کی آمد و شد اے حامد — نخلِ ہستی کے لئے آرا ہے

جل کے ہو جاتی ہے گل شمعِ حیات — رات دن کا یہی نظارا ہے

مرضیِ قادرِ مطلق کے خلاف — دم زدن کا بھی کسے یارا ہے

خاکِ مرقد نے چھپایا ہے جسے — فلکِ ہند کا اک تارا ہے

اسکے غم میں ہے اگر قوم تمام — اسکے ماتم میں وطن سارا ہے

نام نیک اس کا نہ مٹنے دے گی — قول دنیا نے یہی ارا ہے

اسکی تاریخ وفات اے حامد — سر سلیمان بہشت آرا ہے

۱۳۶۰ھ

تاریخی سرورقِ ڈائری راقم بابت سنہ ۱۹۴۱ء مطابق سنہ ۱۳۵۹ھ و سنہ ۱۳۶۰ھ

بسم اللہ الحفیظ السلام
۱۳۵۹ھ

ما عرفناک حق معرفتک
۱۳۵۹

یا حبیب خذ بیدی
۱۳۵۹

منظوراتِ مقدر
۱۹۴۱ء

و

سرنوشتِ مقدر
۱۳۶۰ھ

سرنوشتِ عیب و ہنر
۱۳۵۹

مقدراتِ شام و سحر
۱۳۶۰

قطعہ

ہماں بر سرم آید و بگذرد ، کہ حکم خدا است سبحانہ
پے سالِ آغاز ایں ڈائری ، بگو سرنوشتِ قضا ہو بہو
۱۹۴۱ء

نوشتہ از نیاز کیش کم مایہ حامد حسن قادری کان اللہ لہ
۱۹۴۱ء

"تاریخِ نمائشِ صوبۂ آگرہ"

۱۹۴۱ء

مشہورِ آفاق نمائشِ آگرہ

۱۳۶۰ھ

نمائشگاہِ مصنوعاتِ پسندیدۂ عالم

۱۳۶۰ھ

بحسنِ اہتمام و راہبریِ آل انڈیا مسلم برادری آگرہ

۱۹۴۱ء

ایامِ نیکِ انعقاد۔ ماہِ جون اُنیس سو اکتالیس و ماہ جمادی الاولیٰ[1]

سنہ ۱۳۶۰ھ

[1] اس مادۂ تاریخ میں سنہ عیسوی الفاظ میں موجود ہے اور اعداد مادے سنہ ہجری لکھا ہے

قابلِ دید و لائقِ داد ست — قطعۂ قادریِ صنعت گر (۱)

ہجری آمد ز مصرعِ اول — عیسوی راست آں دگر مصدر

زیبِ شانِ نگار خانۂ چیں (۱۳۶۰ھ) — غیرتِ جامِ جم۔ پری پیکر (۱۹۴۱ء)

آئینہ خانۂ لطافتِ حسن (۱۳۶۰ھ) — شاہدے دلکشا۔ نکو منظر (۱۹۴۱ء)

تاریخِ وفات جناب قمر الحسن صاحب قمر بدایونی

قمر صاحب مرحوم اس زمانہ میں قدیم رنگِ غزل کے استاد تھے۔ اور قدیم وضع کے بزرگ تھے۔ میرے حال پر بڑا اکرام فرماتے تھے۔ میں ان کو اکثر سینٹ جانسن کالج کی انجمن ترقی اردو کے سالانہ جشن ۱۹۵۷ء میں مدعو کرتا تھا اور وہ ہمیشہ بے تکلف تشریف لاتے تھے اور اپنی قدیم وضع و عادت کے مطابق ہمیشہ شاہ دلگیر اکبرآبادی مرحوم کو ساتھ لا کر رونق بخش ہوتے تھے۔ صرف شعر کہہ کر ہمارے مشاعرے میں تشریف لاتے تھے۔ ان کے ساتھ ہمیشہ ان کے چھوٹے صاحبزادے محبوب الحسن ارشد بھی آتے تھے۔ اور نہایت خوش الحانی کے ساتھ اپنی غزلیں پڑھا کرتے تھے۔ اسی لئے انکا اور ان کے چھوٹے بھائی عزیز الحسن کا نام قطعۂ تاریخ میں لیا گیا ہے۔ قمر صاحب کا انتقال پر ملال ہوئی سنہ ۱۹۶۰ء کو ہوا۔ ۱۴ جنوری کے آگرہ اخبار میں یہ تاریخ شائع ہوئی

صاحب کمال قمر بدایونی مغفور

۱۹۲۱ء

کچھ مرگِ قمر، مرگِ قمر ہی نہیں تنہا ۔ یہ موتِ کرم، فوتِ ادب، مرگِ ہنر ہے
محبوب و عزیز اور بدایوں پہ نہیں حصر ۔ خود شعر و سخن نوحہ گر و خاک بسر ہے
مٹنے کا نہیں داغ کبھی مرگِ قمر کا ۔ تاریخ بھی ہے واقعہ بھی "داغِ قمر" ہے

۱۲۶۰ء

"تواریخ طرب افزا و بہجت زا"

۱۹۴۱ء

بہ تہنیتِ

تمغا و جُبلی نشاط افزا

۱۹۴۱ء

جون ۱۹۴۱ء میں گورنمنٹ کی طرف سے تقسیم اعزازات کے موقعہ پر یہاں کے کالج کے پرنسپل کینن ای۔ ڈی۔ سِل کو قیصرِ ہند میڈل دیا گیا۔ اور اسی سال یہاں کے صدر شعبہ ریاضیات مسٹر چھپارام چتر ویدی ایم اے کی ملازمت یہاں کے ۲۵ سال پورے ہوئے۔ اس تمغہ اور جُبلی کی خوشی میں ۱۲ ستمبر ۱۹۴۱ء کو یہاں اسٹاف کلب میں جلسہ اور ڈنر ہوا۔ چونکہ چھپارام صاحب کو اسٹاف کی طرف سے ایک جرمن سلور کیس نہایت قیمتی تحفۃً پیش کیا گیا اور ایک نظم پڑھی گئی [illegible]

ایک نے پھل خدمت کا پایا۔ ایک کو حق نے جشن دکھایا
آج مبارک اور اَبد تک۔ ایک کو تمغا ایک کو جُبلی

ہول اِسٹاف اینڈ آل دی کالج وَر ہیپی وھین گاٹ دی نالج*
دَیٹ اِٹ واز اِنڈیڈ اے گُڈ لک۔ ایک کو تمغا ایک کو جُبلی

ایک پرنسپل اک پروفیسر۔ یہ بھی اعلیٰ وہ بھی بہتر
دونوں کا آنر ہے بیشک۔ ایک کو تمغا ایک کو جُبلی

سالِ مسرت میں جو کمی تھی۔ ایک نے بڑھ کر پوری کر دی
یعنی "یا اللہ مبارک ایک کو تمغا ایک کو جُبلی"
۱۹۴۱ء

ہے سِل صاحب کا سالِ عیسوی "فرخندہ بخت"
۱۹۴۱
چوبے چھپارام کا سمبت ہے "خوشدل خوش نصیب"
۱۹۹۸

ہجری و فصلی دُعا بھی ہے کہ "ہو رحمت اثر"
۱۳۶۰ھ / ۱۳۵۰ف
بیشک اس اعزاز کو کرتے ہیں حاصل خوش نصیب

---

* Whole Staff and all the College were happy when got the knowledge that it was indeed a good luck.

تاریخِ وفاتِ مرزا عظیم بیگ چغتائی

بی اے۔ ایل ایل بی وکیل جودھپور و سابق جج جاورہ

فضائلِ عظیم

۱۹۴۱ء

شاگرد بھی رشید تھے وہ۔ دوست بھی عزیز
کس دل سے میں کہوں کہ عظیم آہ کیا ہوئے

ہر دل عزیز ادیب۔ مُصنّف۔ وکیل۔ جج
کیا کیا۔ ذرا سی عمر میں نامِ خدا ہوئے

ایسا اور اتنی جلد ہوا کون نامور؟
گو بے شمار ادیب ہیں۔ بے انتہا ہوئے

عرصہ ہی کیا ہوا تھا بہت۔ کل کی بات ہے
اس کوچۂ ادب سے انھیں آشنا ہوئے

اس پر بھی وہ مزاح و ظرافت کی طرز میں
رنگیں نگار۔ شوخ بیاں۔ خوشنوا ہوئے

وہ رند و پاک نفس تھے۔ بیباک و بے ریا
تحریر میں بھی وصف یہ سب رُونما ہوئے

سب انکے تجربے تھے۔ سب انکے مشاہدے
جو واقعے زبانِ قلم سے ادا ہوئے

اردو کے ناز۔ ہند کے ناز۔ آگرے کے ناز
مرزا کی ذات پر جو ہوئے تو بجا ہوئے

سچ یہ ہے زندگی کا تو حق ان پہ رہ گیا
گو یہ بھی سچ ہے۔ موت کے حق ادا ہوئے

تاریخ کا بھی حق ہو دلِ زارؔ سے ادا
یعنی عظیم داخلِ دارالبقا ہوئے

۱۰۲۰ + ۳۳۹ +۱ = ۱۳۶۰ھ

تاریخِ اتفاقِ عجیب

میں اکثر جمعرات کو صبح ٹہلتا ہوا قبرستان بیر گیلوں پر فاتحہ پڑھنے جاتا ہوں اور ہمیشہ جاتے آتے سیٹی اسٹیشن کی ریلوے لائن پر گزرتا ہوں۔ وہاں اکثر فالتو مال گاڑی کئی کئی دن کھڑی رہتی ہے۔ اسٹیشن کے اس طرف آگرہ کے محلے آباد ہیں۔ ہزاروں مخلوق روزانہ دن رات انہی لائنوں پر سے اور مال گاڑی کے نیچے سے گزرتی ہے۔ لیکن ۲۰ نومبر ۱۹۸۱ء کو مجھے یہ واقعہ پیش آیا:-

لائن پہ کوئی گڈس ٹرین آج کھڑی تھی — لیکن یہ کوئی بات نہ تھی طرفہ و نادر
ہوتی نہیں بند آمد و رفت اسکے سبب سے — نیچے کو نکل جاتے ہیں رہگیر و مسافر
جاتے میں گیا میں بھی اسی طرح نکل کر — لیکن عجب انسان کی بھی عقل ہے قاصر
آتے میں جو نیچے کو گھسا تو یہ نہ دیکھا — انجن کو چلانے کیلئے جوڑ دیا پھر
نکلا تھا ابھی سر ہی کہ چلنے لگی گاڑی — تھا خاتمہ بالخیر بس اک آن میں ظاہر

لیکن مرے اللہ نے بھی خوب بچایا
تاریخ کہی میں نے، "خدا حافظ و ناصر"
۱۹۸۱ء

تاریخِ شادی

ایک نوجوان ہندو نے، جس سے سابق تعلقات کچھ نہ تھے، فرمائش کی کہ قطعۂ تاریخ میں دولہا امیشن لال کا نام صنعتِ توشیح کے ساتھ آجائے۔ میں نے تعمیل کر دی
([illegible])

ا امیشن آئے ہیں دولہا بن کے، یہ شادی کی محفل ہے

م مسرت و راحت و بہجت مبارک ہو مبارک ہو

ی یہ جوڑا رہتی دنیا تک رہے مسرور اور شاداں

ش شکوہ و شان اور شوکت مبارک ہو مبارک ہو

کہی تاریخ شادی کی یہ نامی نے خوش ہو کر

ہمایوں شادی و عشرت مبارک ہو مبارک ہو

۶ ۔ ۶ ۔ ۱۹۵۱

تاریخِ تفریح

۲ فروری ۱۹۵۱ء، ۲۴ رمضان کو مولوی سعادت اللہ صاحب کے گھر کی اور ہمارے گھر کی لڑکیاں چھت پر خوب کھیلیں کودیں۔ میں نے اسی وقت یہ تاریخ لکھی

گھر کے دھندوں سے ہے فرصت سر اٹھانے کی کہاں ۔ ہو گئی ہے اب تو سب زندہ دلی گویا کہ سلب

چھت کے اوپر چاندنی میں خوب کھیلیں لڑکیاں ۔ میں نے یہ تاریخ لکھی۔ "ورزشِ و تفریحِ قلب"

تاریخ "پیڈاگوجی"

گورنمنٹ اسکول رڑکی کے ماسٹر سجاد قادری سے استادی کی تدابیر ہدایتوں سیکھنے پر خط و کتابت تھی۔ ۱۹۴۹ء میں وہ گورنمنٹ سنٹرل پیڈاگوجیکل انسٹی ٹیوٹ الٰہ آباد میں ٹریننگ حاصل کرنے گئے۔ وہاں امتحان کی تیاری کی فرصت نہ ملتی تھی۔ بچے شاید کچھ کرتے تھے۔ میں نے ۵ دسمبر ۱۹۴۹ء کو یہ قطعہ ادا کر لکھ بھیجا تھا:-

پیچیدہ سے جو ایچ نامے ورگ	لگ گیا اُن کی جان کو اک روگ
	PEDAGOGUE
تازہ ہو کہ ہو الٰہ آباد	ہر جگہ ہیں رہتے ہیں پیڈاگوگ
شادی نہ جب ہوئی اس پر	آخر اس کا منائیے کیوں سوگ

جون ۱۹۵۰ء میں انکی ٹریننگ ختم ہوئی تو میں نے یہ تاریخ انکو لکھ بھیجی

گھر آگئے اپنے خیریت سے تو جی	سچ یہ ہے کہ پردیس میں خوش کیا ہو جی
تاریخ ہوئی، ہوئی ٹریننگ جو ختم	"لوح ختمہ بخیر پیڈاگوجی"
	۱۹۵۰ء

تاریخ امرود

سر پر آنکھوں پر جزاک اللہ سجاد آپ سے	ہم بھی لیں امرود کھاتے وقت ان کو یاد آئے
قادری حامد کو تحفہ قادری سجاد کا	جز بخوبی ہا ہے کیا، لب پر نہ جو شکر ادا آئے
آئے تحفہ تو نہ کیوں سب غنچہ تاریخ ہو	"تحفۂ امرود شیریں الٰہ آباد آئے"
	۱۳۶۹ھ

تواریخ ڈائری سنہ ۱۹۵۱ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الودود عالم الغیب والسنین الحساب

۱۹۵۱ء

آئینہ دار سرگذشت

۱۹۵۱ء

"آغاز سال حال بخیر"

۱۹۵۱ء

"ہر سال کا اب بخیر آغاز"

۱۹۵۱ء

"دریش آتا جائے جو کچھ لکھتے جائیں ہم وہی"

۱۳۷۰ھ

"از احقر العباد حامد حسن قادری نقشبندی جماعتی"

۱۹۵۱ء

تاریخ

فلمی رسالہ "لالہ زار" دہلی کا ایڈیٹر شہزادہ تبسم خورشید بانو کا تھا کہ "اکبر لیسگوئی بھشا" کے نام سے ایک کتاب شائع ہوئی ہے۔ جس میں مشہور فلم ایکٹرس کی عمروں کا ٹھیک ٹھیک حال لکھا ہے۔ اسکی تاریخ کہہ دیجئے۔ میں نے مصرعۂ تاریخ ترکیب عمدہ کہہ دیا۔ لیکن بیسی بیش۔ مسز خورشید بانو کو کوئی جواب نہ دیا۔ وہ معروف ہیں"

"ستاروں کی یہ نور افشاں شعاعیں"

۱۹۵۱ء

تواریخِ قلم

(۱)

قلم حافظ علاء الدین نے بھیجا — یہ اُن کا تحفۂ لطف و کرم ہے

قلم کی قادری تاریخ لکھئے — "یہی نخلِ محبت کی قلم ہے"

۱۳۷۰ھ

(۲)

جو کوئی پوچھے کہ کیا ہے یہ تحفۂ رنگیں — کہو کہ: "ہے قلم حافظ علاء الدین"

۱ ۳ ۲ ۷۰

(۳)

یہ قلم ہو جیب میں تو کچھ تعجب بھی نہیں — گر شباب آثار ہو جائے ہمارا شیب بھی

شکریہ میں اس کی یہ تاریخ حافظ جی سنو — "یہ قلم کیا خوشنما، کیسا ہے زیبِ جیب بھی"

۱۳۷۰ھ

(۴)

اس قلم کو جو کرم سے کم کہئے — نخلِ اخلاص کی قلم کہئے

باغِ الفت کی شاخِ گل کہئے — شاخ کیوں کہئے، باغِ گل کہئے

اسکے آگے نہ کچھ بھی چلے قلم — نیم عرب کے قلم، عجم کے قلم

[illegible] — شعرِ اکبر کو یوں جو ڈھال لیا

ہو سکا شان کچھ قلم کی رقم! = ۱۰۲۰

سر قلم ہیں یہاں قلم کے قلم = ۹۳۱

۱۹۵۱ء

---

* [illegible] صاحب نے [illegible] میں تحفۃً دیا تھا۔ [illegible]

شعرِ اکبر [illegible] میلاد اکبر [illegible] کہئے تو جیب کبریا ہو رقم — سر قلم ہیں یہاں قلم کے قلم

تواریخ

"ابرِ فراق و اشکِ غم"

۱۹ ۶ ۵۱

بر

"مرقدِ منوّر منزلِ راحت جاودانی علّامہ سیماب اکبرآبادی"

۱۹۵۱ء

(۱)

گئے جہان سے کر کے جہان کو بیتاب
وہ کنزِ خوبیٔ اخلاق حضرت سیماب

یہ قادری نے لکھا سالِ ارتحال اُن کا
کہ "برگزیدۂ آفاق حضرت سیماب"

۱۹ ۶ ۵۱

(۲)

سیماب سے تھی محفلِ علم و ادب کی شان
ویران سی ہے بزمِ شعر و سخن آج کل کچھ

ہمارا ساتھ چھوڑ گیا وہ صاحبِ کمال
ہم زاد غم کریں نہ تو پھر کیا ہے محل کچھ

ہے قادری یہ سالِ وفاتِ زہے کمال
"اب آہ لطفِ شعر نہ حسنِ غزل ہے کچھ"

۱۹ ۶ ۵۱

(۳)

دے گیا داغِ جدائی آخر
وہ معظم وہ مکرم سیماب

فخرِ علم و ادب، استادِ جہاں
فن کے اسرار کا محرم سیماب

مصنف و سخنور و مدبر
بانیٔ شاعری و [illegible] سیماب

صاحبِ وحی کا اب قبر میں ہے
چھوڑ کر [illegible] [illegible] سیماب

قادری لکھو یہ تاریخِ وفات
"نزہتِ [illegible] افضل سیماب"

۱۹۵۱ء

تاریخ

کسی سے میں نے پوچھا، "وہ جو گرلز اسکول جا رہی تھی

سنا یہ کچھ دنوں سے بند ہے، یا اب بھی جاری ہے؟

کہا: "پہلے مِسیں ہوتی نہ تھیں، اب مسز ہی ہوتی تھیں
(MISS — MRS)

مگر اس مصلحت بینی سے غفلت اب تو طاری ہے"

کہا میں نے: "نہ سمجھا تو بھیا! صاف ہی کہہ دو"

وہ بولا: کیا سمجھنے سے تمھاری عقل عاری ہے؟

نہیں سمجھے تو اب تاریخ میں وہ بھید کہتا ہوں

سنو سمجھو: "تمام اُستانیوں کا پاؤں بھاری ہے"

۱۳۷۲ھ

تاریخ

اجی اس سے حاصل نہ دنیا نہ دین — بھلا کام ہی کا نام کوئی ہے یہ

یہ تاریخ گوئی کی تاریخ ہے — "عجب خبطِ تاریخ گوئی ہے یہ"

۱۹۵۳ء

تاریخ مجموعۂ نظم مغیث بنام "نیا افق" ز اہلِ جو دنیا در: "نیا افق ہے نیا نظارہ عجیب جلوے عجب بہاریں"

۱۹۵۱ء

"تواریخ عزم جزم فتح ہمالہ"

۱۹۵۳ء

۲۹ مئی ۱۹۵۳ء ۱۵ رمضان ۱۳۷۲ھ کو جمعہ کے روز ایک یورپین اور ایک ہندوستانی
ہمالیہ پہاڑ کی سب سے اونچی چوٹی پر پہنچ گئے

"تسخیر مُبین"

۱۳۷۲ھ

(۱)

۲۹۰۰۲

پہنچا انتیس ہزار دو فٹ پر — داد دیں آدمی کی ہمت کی
ہو گیا آسماں کا ہمسایہ — واہ کیا بات اس کی رفعت کی
تھی جہاں زندگی بہت دشوار — اس نے پیدا وہاں سہولت کی
لے گیا اپنے ساتھ آکسیجن — سب یہ برکت ہے علم و حکمت کی
قادری، لکھ دو فتح کی تاریخ — "آج تسخیر کی ہے پربت کی"

۱۳۷۲ھ

(۲)

ہمالہ جو دور آپ کو کھینچتا تھا — بہت اس کی چوٹی بھی کچھ دن اکڑ لی
مگر عقل انساں کو موقع ملا جب — فضاؤں پہ چھا لی، ہواؤں سے لڑ لی
ہمالہ کی چوٹی کہاں بچ کے جاتی — شکنجے میں حکمت کے آخر جکڑ لی
وہ پہنچ ہی گیا آخر انساں وہاں تک — چڑھائی میں مشکل جو پڑنی تھی پڑ لی
یہ تاریخ بھی قادری برمحل ہے — "یہ ہے خوب، پربت کی چوٹی پکڑ لی"

۱۹۵۳ء

تاریخ انتقال حاذق الملک و مسیح الملک حکیم محمد اجمل خانصاحب دہلوی

کہ بتاریخ ۹ رجب ۱۳۴۶ھ مطابق ۲۹ دسمبر ۱۹۲۷ء بمقام ریاست رامپور ناگہاں انتقال فرمود

(۱) قبلۂ حذاقت

(۲) ماہِ کاملِ حذاقت

(۳) والیٔ ملکِ حذاقت

(۴) حکیمِ جہانِ حذاقت

(۵) مسیحِ کردار حکیم اجمل خاں

(۶) آفتابِ ہند حکیم اجمل خاں

(۷) کاملِ عصر حکیم محمد اجمل خاں

(۸)

آہ از بہارِ رفت مسیحِ دوراں
گردید غروب مہرِ طبِ یوناں

تاریخِ وفاتِ اُو ز ماتمِ برخواں
واصل بجید شد حکیم اجمل خاں

۱۲۹۳
۵۳
۱۳۴۶

ے یہ تاریخ عابد حسن نے نکالی تھی۔ ۵۰ کی کمی تھی وہ میں نے اپنے نام کے عدد شامل کر کے پوری کر دی۔ اور مصرعے لگا دیئے۔ مصرعۂ تاریخ میں یہ خوبی ہے کہ حکیم صاحب کے برادران بزرگ حکیم عبدالمجید خانصاحب مرحوم اور حکیم محمد واصل خانصاحب مرحوم کے نام بھی آ گئے ہیں۔

تاریخ وفات سید نظام الدین شاہ صاحب دلگیر اکبر آبادی

(۱)

بعندہٗ اجر عظیم ۱۳۵۴ھ (تذییل)	بزمِ غم دلگیر ۱۳۵۴ھ	فنا فی الذات ۱۳۵۴ھ

(۲)

ادیب کامل شاہ دلگیر اکبر آبادی رحمۃ اللہ علیہ
۱۳۵۴ھ

(۳)

خبر کیا تھی کہ اتنی جلد حامد[۱] — کریں گے خلد کو آباد دلگیر

ہمیں کر کے اسیر رنج و اندوہ — ہر اک غم سے ہوئے آزاد دلگیر

مروّت پیکر و مہرِ مجسّم — شرف زاد و سیادت زاد دلگیر

وفا پرور، کرم گستر، ہنر ور — اساسِ داد و دیں بنیاد دلگیر

سخندان و سخن سنج و سخنور — سخن کے مانی و بہزاد دلگیر

ادب لیلیٰ وشش و دلگیر مجنوں — سخن شیریں ادا، فرہاد دلگیر

یہ نجم و اختر و سیماب و مکیش — ترے غم میں ہیں سب ناشاد دلگیر

نہ بھولے گی غزل خوانی وہ تیری — وہ تیری اک نرالی داد دلگیر

۱؎ آنریری مجسٹریٹ آگرہ ۲؎ صاحب سجادہ قادریہ میوہ کٹرہ آگرہ

ترا نقّاد تھا بے شبہ و شک — صحافت میں نئی ایجاد دلگیر

وہ تیری شوخ باتیں، گرم فقرے — رلائیں کیوں نہ آکر یاد دلگیر

محبت کا تقاضا تو یہی ہے — کریں ہم نالہ و فریاد دلگیر

مگر ہے شیوۂ تسلیم کچھ اور — ہوا ہے صبر کا ارشاد دلگیر

یہ ہستی کچھ نہ میری ہے نہ تیری — ہے اُسکی دین اُسکی داد دلگیر

نہ چھوڑے گا ہمیں بھی بعد تیرے — یہ دَورِ چرخ بے بنیاد دلگیر

پھر اک دن چرخ کا بھی خاتمہ ہے — کہ ہوگا صید خود صیّاد دلگیر

بہے آنسو ہمارے تیرے غم میں — طبیعت کی تھی یہ افتاد دلگیر

اذیت کچھ نہ واں ہو تجھکو اس سے — رہے جنت میں تو دلشاد دلگیر

خدا دے صبر پس ماندوں کو تیرے — رہے شاداں تری اولاد دلگیر

پھلے پھولے چمن تیرا ترے بعد — نہ ہو محنت تری برباد دلگیر

تری تاریخ یہ کہتا ہے حامد
ادیبِ فاضل و نقّاد دلگیر

(۴)

دستگیر ہی کے نام سے تھا آگرے کا نام | دستگیر ہی کی ذات تھی ہاں فخرِ آگرہ
تاریخِ انتقال کی حامد کو فکر تھی | دل نے کہا، فصیحِ جہاں فخرِ آگرہ

(۵)

نہیں کچھ آگرے ہی کو ترا غم | ترے ماتم میں ہے ہر شہر دلگیر
تری نام آوری پر تیری تاریخ | کہی حامد نے، فخرِ دہر دلگیر

(۶)

مستند تھی اہلِ دل میں اُن کی آہ | معتبر اہلِ نظر میں اُن کی واہ
فکر ہے حامد اگر تاریخ کی | کہدو، بزمِ خلد میں دلگیر شاہ

(۷)

شاہِ دلگیر از جہاں رحلت نمود | کشتِ ہستی را ہمیں یک حاصل است
سالِ داخل گشتنش در باغِ خلد | شاہ وحید، شاعرِ روشن دل است

(۸)

کس قدر رونا ہے دل دلگیر کو | منعقد تھا جلسۂ احباب کل
فکرِ سالِ رحلتِ دلگیر تھی | مادہ مل جائے کوئی بر محل
دل پکار اُٹھا کہ بے دلگیر ہے | اہتمامِ جلسۂ شعر و غزل

۱۹۳۲

(۹)

ذاتِ دلگیر نورِ بزمِ سخن | مرگِ او وجہ انطفائے سراج
گفت تاریخ رحلتش حامدؔ | گوہرا زمیں برد ارضِ تاج
۱۹۳۲

(۱۰)

تھے شمع و چراغِ بزمِ دنیا دلگیر | جنت میں، اُسے چھوڑ کر، آباد ہوئے
حامدؔ یہ دلِ زار سے نکلی تاریخ | گُل شمع و چراغ اکبرآباد ہوئے
۱۹۳۲

(۱۱)

تاریک ہے دلگیر سے اب محفلِ پُردود | خالی ہے اب دلگیر سے شعر و سخن کا میکدا
صحبت میں عیش ایسے کئے دنیا بھی حیراں ہوگئی | پھر رنج بھاری سہا تقدیر میں جو تھا بدا
جز صبر کچھ چارہ نہیں حامدؔ غمِ دلگیر میں | ہونا ہے دنیا میں یہی انجام ہر شاہ و گدا
تھی آرزو تاریخ میں تقلیدِ مومنؔ خاں کی ہو | جب دیر تک کی جستجو، ہاتف سے آئی یہ صدا
سب بے سر و پا ہوگئے دلگیر کے جانے سے اب | لطف و کرم، شعر و سخن، عشق و وفا، وصل و ادا
۱۳۵۲

(۱۲)

بہارِ بزمِ ادب بود حضرتِ دلگیر | بصورتِ اجل آمد خزان باغ و چمن
بفکرِ سالِ وفاتش چو سر فرو بردم | کہ صنعتِ نوی آرم ز وضع و طرزِ کہن
دلم بگفت کہ بدیل ز مرگِ او گشتند | وفا و ناز و کرم، ذوق و شوق، شعر و سخن
۱۹۳۲

(۱۳)

مرگِ دلگیر است مرگِ دل عجب نبود اگر | بے نہایت یاس و حسرت، رنج و ماتم بیحد است
سالِ مرگش گفتہ ام حامدؔ کہ اندر ہجرِ وے | آہ و افسوس و ملال و صدمہ و غم بیحد است
۱۳۵۲

بسم اللہ الا الٰہ الذی جعل حجاً مبارکاً

تواریخ نشاط قرین

خیر مقدم حاجی الحرمین

زبدۂ اہلِ علم مولنٰا سعادت اللہ صاحب اسرائیلی

ذالک ہو الفوز العظیم

فرزند رشید جوان دولت ۱۳۰۰

اہلیہ صاحبہ محترمہ جوان بخت

(۱)

سعادت حج کی ملتی ہے اُسی کو ۔ اُدھر سے جسکو ہو جاتا ہے ایما
یہ قادؔ حج مولانا کی تاریخ ۔ کہو کان ذالک فوزاً عظیما

(۲)

وہ علامہ سنبھل آئے حج سے ۔ مجسم افاضت، سراپا افادت
تھے ہمراہ فرزند بھی اہلیہ بھی ۔ بصدق محبت، بحسن ارادت
زیارت ہو مقبول، مبرور حج ہو ۔ کہ دو ہی سعادت، یہی ہے عبادت
وہ نعمت ملی جا کے سکّے مدینے ۔ کتاب و خبر میں ہے جسکی شہادت
کسی اور نیکی کو حاصل ہوئی ہے ۔ نہ اُس پر فضیلت نہ اِس پر زیادت
وہ کعبہ، شرف جسکو سب معبدوں پر ۔ جسے سب جبینوں کی حاصل قیادت
وہ روضہ، وہ اہل محبت کا کعبہ ۔ جسے سب دلوں پر میسّر سیادت
وہ آئے تو قادؔ نے تاریخ لکھی ۔ چلے آئے ہیں حج کی لیکر سعادت

نامۂ اخلاص پیام حامد حسن قادری

۱۳۵۶

بخدمت ارسطو وقار حکیم مبین الزماں

۱۹۳۸ء

مثنوی

تاریخ فرمائش اعزازی

۱۹۳۸

(حکیم صاحب کو انکی فرمائش پر یہ منظوم ساتھ ۲۸ جون کو سنبھل سے آگرہ روانہ کیا گیا)

۱

مبین الزماں مسیح زماں
بلیغ زمیں و فصیح زماں

مطب میں نصیب ان کو لقمان فری
وہ میداں میں امپائر و ریفری

وہ مجروں کے اک گل سر سبد
ظریف الزماں از ازل تا ابد

مگر یہ عجب کام کرتے ہیں وہ
کہ لوگوں کو بدنام کرتے ہیں وہ

وہ خود شاعری کے تو ناقض ہیں
خدا جانے کیوں مجھ سے ناراض ہیں

لگا دی مجھے تہمت شاعری
گماں میں کہاں دولتِ شاعری

مجھے مشق تاریخ گوئی نہیں
یہی کیا، ہنر مجھ میں کوئی نہیں

مرا حال ہے ماورائے دوا
کہ ہستم اسیر کمندِ ہوا

کرم بخش سوئے برحال ما
بدل کن زِ کشمیر بنگال ما

غرض ان کا کرنا ہے کہنا مجھے
نہیں گرچہ اس فن سے لینا مجھے

اگر یہ نظر میں بچے کم نما
خطا درگذار و صوابم نما

مجھے ان کی تعمیل سے فخر ہے
یہ میرے لئے فتح اعظم ہے

لکھوں ایک تاریخ اس اعزاز کی
کہ میرے لئے ہے جگہ ناز کی

سنیں وہ یہ تاریخ زیبائشی
کہ اعزاز تاریخ فرمائشی

۱۹۲۸ء

تواریخِ حسرت پیام

۱۱۳۸

وفاتِ جانسوز جگر خراش

۱۱۳۰

سر شیخ اقبال جنت مقام

۱۱۳۰

المغفور اَنارَ اللّٰہ برھانہٗ

۱۳۵۵ ، ۵۸۱

سنہ ۱۹۳۸ء

از

(فقیرِ احقر حامد حسن قادری کان اللہ لہ)

۱۳۵۰

برفت اقبالِ ہند و شرق و اسلام	شکوہ رفتہ باز آید کہ ناید
دگر در جانِ اسلام آتشِ عشق	بآں سوز و گداز آید کہ ناید
دگر در جامِ شرق آں بادۂ درد	بفتوائے جواز آید کہ ناید
دگر در سازِ ہند آں نغمۂ شوق	بآہنگِ حجاز آید کہ ناید

یہ نظم مجلسِ [illegible] میں بڑے صفحہ پر نہایت خوبصورت شائع ہوئی اور بہت سے [illegible] فریم کرایا ۔

برفت اقبال و رفت از جاں قرارے قرارِ جاں نواز آید کہ ناید
برفت اقبال و رفت از دیں بہارے دگر گلشن طراز آید کہ ناید
برفت اقبال و رفت از ملک شانے دگر آں عز و ناز آید کہ ناید
برفت اقبال و رفت از قوم آنے دگر آں جلوہ ساز آید کہ ناید

دگر آید کہ ناید خادمِ دیں بایں محمود ایاز آید کہ ناید
دگر آید کہ ناید سیدِ قوم سرِ گردوں نواز آید کہ ناید
دگر آید کہ ناید مشربِ ناب نگاہِ پاکباز آید کہ ناید
دگر آید کہ ناید حسن در نظم گر آید سوز و ساز آید کہ ناید
دگر آید کہ ناید عشق در شعر حقیقت در مجاز آید کہ ناید
دگر از کاروان مشتِ غبارے بشوقِ اہتزاز آید کہ ناید
دگر بر کشورِ دل ترکِ شیراز بعزمِ ترکتاز آید کہ ناید
خدا را بندگاں بسیار باشند خودی را کارساز آید کہ ناید
سرے دارند و ہم سودا و ہم درد سراں را سرفراز آید کہ ناید
بدستِ کوتہ از خلق و بخالق بدامانِ دراز آید کہ ناید
سرِ نازِ خودی در کعبۂ دل بآئینِ نیاز آید کہ ناید
قیامِ قوم را آوازِ پیغام ز محرابِ نماز آید کہ ناید
درِ کاشانۂ امید باز است کسے از در فراز آید کہ ناید

ز شعرش ساخت حامد سالِ رحلت بشانِ امتیاز آید کہ ناید
برفت اقبالِ آں عرفاں نوائے
دگر دانائے راز آید کہ ناید

۱۹۳۸ء

رفعتِ درجت

۱۳۵۷

ترجمانِ حقیقت فیلسوفِ عصر

۱۹۳۸

سحربیانِ آگاہ دل ڈاکٹر سر محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۳۸

در نظرِ عقیدت

۱۹۳۸

کمترینِ افقر حامد حسن قادری عفی اللہ عنہ

۱۹۳۸

رفت اقبال آفتابِ جہاں — رفتِ اقبالِ وقت، بدر آیات

رفت اقبال و ہم گل افشانی — رفت اقبال و رفیت زیبِ حیات

فخرِ اسلام و نازِ عالمِ علم — نازِ مشرق بہترین صفات

ترجمانِ حقیقتِ بیباک — حق پژوہ و فقیرِ خوش اوقات

آں قلندر صفت سخن پیرائے — آں مثالِ حکیم و قفِ نکات

نامِ اقبال روشن و شیریں — ذاتِ اقبال مجمع الحسنات

ذاتِ اقبال بے تعلقِ نام — نامِ اقبال با جدائی ذات

تربتِ پاک محفلِ قدسی — روح، پرنور و مہبطِ برکات

قطعہ گفتہ ام کہ ہر مصراع
مشعرے می شود بسالِ وفات

تواریخ دیگر متعلق وفاتِ علامہ اقبال مرحوم

پیامِ سر شیخ اقبال
١٣٥٧

"باشد آدمی راہِ رازِ خودی!" ١٣٥٧ "با نیاز خدا زِ خودی" ١٣٥٧

برجستہ بگفتم سالِ وفات
اقبال فقیر خوش اوقات
١٩٣٨

گویم تاریخ چوں سفر فرمائی کز ضربِ کلیم مستثنٰی بنمائی
١٣٥٧

علامہ اقبال مرحوم نے وفات سے قبل یہ شعر پڑھا تھا (نشانِ مردِ مومن با تو گویم ؛ چو مرگ آید تبسم بر لبِ اوست) یہ مادہ مصرعہ دوسرے سے بنا کر نکالا ہے۔

بر لبش آید بدم مرگ تبسم
١٣٥٧

بحرِ تاریخ راست دُرِّ یتیم رفت طوفان زرا بضربِ کلیم
١٩٣٨

مثنویِ صلائے خودی
١٣٥٧

بہ تقلیدِ معانیٔ اسرارِ خودیٔ اقبال
١٩٣٨

مع تحسینِ کلام و پیامِ عالم افروزِ اقبال
١٣٥٧

با تاریخ ہائے وصال
١٣٥٧

(متاعِ کاسد از بے ہنر حامد حسن قادری)
١٣٥٧

بر نظامی باد رحمت دمبدم — مثنوی را گفت قرآنِ عجم

من چہ گویم وصفِ آں روشن کتاب — آفتاب آمد دلیلِ آفتاب

جانِ قرآن در تنِ آں مثنویست — معنیٔ وحی ست و لفظ مولویست

یک از دورِ زمانِ بے ثبات — شُد دگرگوں نظمِ بزمِ کائنات

چوں بقرنِ ہشتم آمد دورِ جام — میکشاں گشتند زاں مے تلخ کام

شد جہانِ اَلستِ اقوامِ نوٗ — ساقیِ نوٗ، بادہ نوٗ، جامِ نوٗ

شرع و دین، علم و عمل تغئیر یافت — رنگِ دیگرگوں کہن تصویر یافت

در سرشت آں آب دہم آں گِل نماند — آں سر و سودا و درد و دل نماند

ہم زمیں ہم آسمانے شد دگر — ایں جہاں گویا جہانے شد دگر

چوں کہن گردید عہدِ مثنوی
ناگوارا گشت شہدِ مثنوی

نَے، معاذ اللہ، ز نقصِ آں کتاب — بلکہ از اخفاے عقل اندر حجاب

آں خور است و ہمچناں روشن کہ بود — ہمچناں خنداں است آں گلشن کہ بود

شپرہ چشم ار نہ بیند، گو مبیں — کس اگر زاں گُل نچیند، گو مچیں

لاجرم نازل بشد الہامِ نوٗ
بہر نوٗ اقوام ایں ایامِ نوٗ

آمد اقبال و پیامے داد نوٗ — بزمِ کہنہ را نشاطے داد نوٗ

بیند آں کش چشمِ دل بینا بود — نشۂ آں مے کہ در سینا بود [1]

دید مسلم را کہ مہرش زرد شد — شد دلِ او ساکن و تن سرد شد

کارِ اصلاحش کجا آساں بود — جاں دمیدن در تنِ بیجاں بود

---

[1] ماخوذ از شعر اقبال:
یارب درونِ سینہ دلِ باخبر بدہ — در بادہ نشہ را نگرم آں نظر بدہ

آں زگرمیِ نفسِ اقبال کرد | آنچہ نتواں کرد کس اقبال کرد

آنچہ از رازی و غزالی نشد | آنچہ از سرسید و حالی نشد

کرد اقبال آنچہ از غالب نشد | آنچہ از عُرفی واز طالب نشد

آنچہ از ایراں نشد از ہند شد | آنچہ از مُلّا نشد از رند شد

آنچہ رومی گفت ہم اقبال گفت | لیک حسبِ حالِ عصرِ حال گفت

آنچہ نتواں گفت رومی گفت، او | نو گہر در رشتۂ نو سفت او

آشکارا کرد اعجازِ خودی
مُہر بشکست از خُمِ رازِ خودی

گفت خود ہستی ز آثارِ خودی ست | بے خبر مُسلم از اسرارِ خودی ست

ہست درمانے ولے بیمار نیست | وا دریں میخانہ و میخوار نیست

آں مئے مردافگنِ لشکر شکن [1] | گشت از قحطِ خریداری کہن

ایں کہ داد اقبال پیغامِ خودی
داد مُسلم وحی را نامِ خودی

نیست آں چیزے بجز تعیینِ ذات | یعنی احساسِ شرف بر کائنات

---

[1] ماخوذ از مصرعِ غالب: "ایں مے از قحطِ خریداری کہن خواہد شدن"۔ پہلے مصرع میں "مے مردافگن" بھی غالب ہی کی ترکیب ہے۔

تا نسنجد پایۂ خود آدمی | تا نداند مایۂ خود آدمی

احسنِ تقویمِ خود را تا ندید | بر فلک تقدیمِ خود را تا ندید

تا نہ خود را از ملک برتر نہاد | لامکاں را تا نہ زیرِ پر نہاد

تا نہ خود را داشت محکم تر ز کوہ | در شکوہ افزوں ز بحرِ پُر شکوہ

تا نہ روشن تر ز مہر و ماہ شد | تا نہ از نورِ دلش آگاہ شد

تا نہ خود را داند افضل از ہمہ | وین ہمہ را از دمِ خود دمدمہ[1]

کے شود ہستیِ او مقصودِ کُن | کے شود مصداقِ اِنّی جاعلٌ

ماحیِ معبودِ باطل کے شود | حامیِ توحیدِ کامل کے شود

گہ پرستارِ مظاہر می شود | گاہ محکومِ عناصر می شود

چوں نداند عزّ و شانِ خویش را | بندہ گردد بندگانِ خویش را

آنکہ مہر از نورِ او بنمود چہر | ذرّہ داند خویشتن را پیشِ مہر

آنکہ دریا با وجودِ شوکتش | قطرہ باشد ز بحرِ ہمّتش

من چہ گویم آں غلط اندیش را | قطرہ ہم می نداند خویش را

---

[1] میں نے دانستہ یہ فارسی محاورہ اردو محاورہ (دم کا دمدمہ) سے اختراع کیا ہے۔ اگر اہلِ زبان اسے پسند نہ کریں تو مجھے کچھ اعتراض نہیں ہے۔ لیکن یہ میرزا غالب مرحوم کی تقلید ہے۔ انھوں نے بھی ایک اردو کا محاورہ (ہوا ہو گیا/سے کیا جاتا ہے) فارسی میں ترجمہ کر کے نظم کیا ہے۔ کہتے ہیں:

گوئی ہوا در شکنِ طرّہ حزیں شود | دل زاں شکست [illegible]

می وزد بادے، دلش لرزاں شود — آید آبے، دامنش ترزاں شود

چوں ہوائے او اِلٰہِ او بود
سخت کوتہ بیں نگاہِ او بود

می پرستد انچہ اندر عالم است — دورتر از چشم و بالاتر ز دست

در پرستاری ازیں ہم بگذرد — جامۂ عقلش بدستِ خود دَرَد

ترک گوید دانش و فرہنگ را — خود تراشد، خود پرستد سنگ را

انجم و اشجار معبودِ وَیَند — آتش و ہم آب مسجودِ وَیَند

زن، زمیں، زر، زور اِلٰہانِ وَیَند — ہم دل و جاں، دین و ایمانِ وَیَند

نسل و رنگ و خوں خداوندانِ او — از شمار افزوں خداوندانِ او

رفت از یادش چو پیمانِ الست
از شرابِ حُبِّ باطل گشت مست

چوں خودیِ خویش را از دست داد — جیب و دامانش بدستِ سست داد

دستِ باطل دامنِ حق چاک کرد — نورِ باطن را نہاں در خاک کرد

گشت چوں عرفانِ نفس از وے جدا — رفت از دل ہم خودی و ہم خدا

ے اَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ۔ (کیا تم نے اس پر بھی نظر کی جس نے اپنی خواہش کو اپنا خدا بنا رکھا ہے) سورۂ فرقان، پارہ ۱۹، رکوع ۴

پس خودی چیزے بجز توحید نیست
دین و دنیا را جز ایں تمہید نیست

ہست تعیینِ خودی اعلانِ حق — یاد کن اعلانِ آں جانانِ حق
نعرہ چوں آں سرکشے رہ کردہ گم — زد۔ لَنَا الْعُزّٰی وَلَا عُزّٰی لَکُمْ[1]
قَالَ لِلْفَارُوْقِ وَحْیُ اللّٰہِ قُمْ — قُلْ۔ لَنَا الْمَوْلٰی وَلَا مَوْلٰی لَکُمْ[2]
لیکن ایں اعلائے حق آید بروں — زانکہ پُر از ذوقِ حق گشتش دروں
گم چو شد فرقِ حق و باطل ازو — در دلِ او نے اَنَا ماند نہ ھُوْ
کے خدا ماند، خودی شد گرفنا — از اَنَا ھُوْ ہست وہم از ھُوْ اَنَا

ایں پیامِ حق کہ سرِ اقبال داد
قوم را بارِ دگر اقبال داد

گرچہ بسیارند دیں را رہبراں — نیست ایں بسر درحدیثِ دیگراں

---

[1] جنگ اُحد میں قریش کے امیر ابوسفیان نے (جو ابھی کافر) مسلمانوں کو چڑانے کے لئے لشکر قریش سے نعرہ بلند کیا۔ لنا العزیٰ ولا عزیٰ لکم (ہمارا عزیٰ بت ہے اور تمہارے پاس عزیٰ نہیں ہے)۔ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ نعرہ سنکر صحابہ کرام سے فرمایا کہ کوئی شخص پکار دو کہ اللہ مولنا ولا مولیٰ لکم (اللہ ہمارا مولیٰ ہے اور تمہارا کوئی مولیٰ نہیں)۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فوراً اٹھکر یہ نعرہ حق بلند کر دیا۔ میں نے نظم میں موزونیت کے لئے اصل الفاظ میں کچھ تغیر کر دیا ہے۔

[2] اس شعر کا ترجمہ یہ ہے کہ وحی اللہ (یعنی آنحضورؐ) نے فاروقؓ سے فرمایا کہ اٹھو اور کہو ہمارا مولیٰ ہے اور تمہارا کوئی مولا نہیں

گرچہ بسیار ند استادانِ شعر — بر نیامد این گہر از کانِ شعر

این نمی آید ز حرفِ دیگراں — این نمی گنجد بظرفِ دیگراں

ہر دل و جاں قابلِ این درد نیست — کنزِ مخفی گنجِ بادآورد نیست

بود راسخ حُبِ حق در رُوحِ او

باد رحمت ہائے حق بر رُوحِ او

باد رحمت ہائے حق بر تربتش — آمد "المغفور" سالِ رحلتش
۱۳۵۷

ہم ز روے وادّ در وحیِ کریم — گفت ہاتف "عِندَہٗ اَجرٌ عظیم"
۱۳۵۷=۱۳۵۳+۴

سالِ دیگر ہم ز قرآنِ مبین

گفت حامد "لَذَّۃٍ لِلشّٰرِبِیْن"
۱۳۵۷ھ

Late Dr. Sir Mohd. Iqbal

تاریخ وفات مولانا شوکت علی مرحوم رامپوری

مادۂ تاریخ (شمع خاموش) سے مرزا غالب کا وہ مشہور قطعہ یاد آگیا۔ جس کا پہلا شعر یہ ہے:۔
اے تازہ واردان بساط ہوائے دل ‏ ‏ ‏ ‏ زنہار اگر تمہیں ہوس نائے و نوش ہے
چونکہ غالب ہی کا آخر مصرع عین بہ مصرع تھا اور ان میں ترمیم کرکے شعر اور مصرع بنا لے۔ یہ قطعہ
[illegible] دبدبۂ سکندری رامپور میں شائع ہوا۔

اے تازہ واردان بساط فلاح قوم ‏ ‏ ‏ ‏ زنہار اگر تمہارے دلوں میں بھی جوش ہے
ہر لمحۂ حیات کو کرنا ہے وقف کار ‏ ‏ ‏ ‏ یہ وقت بے نیازی فردا و دوش ہے
تم کو بھی حق کے واسطے رہنا ہے سر بکف ‏ ‏ ‏ ‏ مومن ازل سے حق کے لئے سرفروش ہے
اسکی نظر میں ایک ہے سب مستی و خمار ‏ ‏ ‏ ‏ مینائے حُبِ قوم سے جو بادہ نوش ہے
ہر درد مندِ ملت اسلام کے لئے ‏ ‏ ‏ ‏ لذت میں زخم نیش بھی مانند نوش ہے
ایثار و جاں نثاری اسلاف دیکھکر ‏ ‏ ‏ ‏ مجبور عقل بھی پئے تسلیم ہوش ہے
دیکھو مسیح ملک و محمد علی کی شان ‏ ‏ ‏ ‏ جنکے کرم سے باغ وطن سبز پوش ہے
تصویر جنکی آج بھی ہے جنت نگاہ ‏ ‏ ‏ ‏ جن کا فسانہ آج بھی فردوس گوش ہے
انصاری اور فضل حسین آہ اب کہاں ‏ ‏ ‏ ‏ اقبال سادہ نغمہ سرا بھی خموش ہے
یا پہلے دیکھتے تھے کہ صبا سے درد سے ‏ ‏ ‏ ‏ ہر شخص نشہ در سر و مینا بدوش ہے
گل ہائے جوش و شوق سے ہر اک بساطِ دل ‏ ‏ ‏ ‏ دامان باغبان و کفِ گل فروش ہے
یا اب جو آ کے دیکھئے محفل میں قوم کی ‏ ‏ ‏ ‏ نے وہ سرور و سوز نہ جوش و خروش ہے
شوکت علی کا دم تھا غنیمت۔ سو ناگہاں ‏ ‏ ‏ ‏ راہی خلد قوم کا وہ سخت کوش ہے

داغ فراق صحبت شب کی جلی ہوئی
اک شمع رہ گئی تھی سو وہ بھی خموش ہے

"خاموش شمع" سے جو نکلتا ہے سالِ غم ‏ ‏ ‏ ‏ غالب کا فیض اور عطائے سروش ہے
۱۳۵۷ھ

سرورقِ تاریخی

بِسْمِ اللّٰہِ قَسَّامِ الْاَزَلِ عَالِمِ الْغَیْبِ وَالسِّنِیْنِ وَالْحِسَابِ

گنجینۂ تواریخ

و

خزائنِ سنین وشہور

یعنی

فہرستِ مُرتّبِ سنینِ ہجری وعیسوی

مطابق

ترکیبِ مطابقتِ سنین

بر

اصولِ صحیح مطابقتِ سنینِ ہجریہ وعیسویہ

نقل کردۂ حامد حسن قادری و نورچشم زاہد حسن فریدی

تواریخِ نیش زدنِ زنبور بررانِ خاکسار حامد حسن قادری

ہمارے مکان شکستہ ذکاء اللہ خاں مرحوم واقع قاضی گڑھ میں بھڑوں کا چھتا ہے۔ بلندی پر ہونے
سبب سے رسائی مشکل ہے کہ توڑ ڈالا جائے۔ بھڑیں اس قدر موذی ہیں کہ گھر بھر میں مشکل سے کسی کو کاٹنے
سے چھوڑا ہوگا۔ مولوی حاجی محمد فیاض الدین صاحب رامپوری مہمان تھے اور ان کے ساتھ فتحپور سیکری
جانے کا ارادہ تھا۔ رات میں لالٹین اٹھا کر جلا کر صبح پہنے کپڑے نکال رہا ہوں۔ لالٹین پر بیٹھا ہوگا
اس نے کاٹ لیا۔ پاجامے کا اور بڑا سا ڈنک لگا لیکن اس نے بھی کافی اذیت دی۔ ورم بھی ہوگیا
اور تھوڑی سی تپ بھی آچلی آئی۔ صبح کا جانا گیا رات کا کھانا بھی ملتوی کیا۔ ناشتہ بھی بچتے بچتے رہ گیا
غالباً بیس سال بعد بھڑ نے کاٹا ہے۔ (۱۰ اکتوبر ۱۹۳۲ء)

(۱)

زخمی زدامشب برانم — تیرے از کیشِ زنبورے
شکوہ چرا؟ چوں ہست مسلّم — نیش زنی کیشِ زنبورے
ہاں۔ تاریخ بگو اے حامد — ایذا از نیشِ زنبورے

(۲)

ارادہ تھا ہم اور فیاض صاحب — کریں سیکری چلکے سیر اور سپاٹا
مگر نیشِ زنبور نے باز رکھا — گندھا رہ گیا ناشتے کا بھی آٹا
یہ تاریخ تم التوا کے سبب کی — سنا دو کہ۔ حامد تتیّے نے کاٹا

تواریخِ سیرِ نشاط افزا

یعنی

مُرقّعۂ تواریخِ سیرِ ڈیگ

۱۹۳۶

سینٹ جانس کالج آگرہ کے اسٹاف کی سالانہ پکنک بمقام بھرت پور و ڈیگ بتاریخ ۱۰ر اگست ۱۹۳۶ء

(۱)

مقرر ہے ہر سال پکنک کی رسم　　بڑے زندہ دل ہیں ہمارے کُلیگ

پڈگرّی میں بھی، اور ڈِگرّی میں بھی　　یہ ہشّاف بھی کاملوں کی ہے لیگ

کوئی پادری، پنڈت اور مولوی　　کوئی آکسن، کینٹب اور علیگ

سفر میں ہے بارش نہونے کی شرط　　یہ ڈر ہے کہ رستے میں جائیں نہ بھیگ

یہ پکنک کی تاریخ حامد لکھو　　کرو آج سیرِ بھرت پور و ڈیگ

۱۳۵۵

---

۱ PICNIC سیر و تفریح۔ ۲ COLLEAGUE ہم پیشہ، ایک محکمہ کا ملازم۔ ۳ PEDIGREE نسل و نسب۔ ۴ DEGREE درجہ، فضیلت، سند [illegible]۔ ۵ STAFF [illegible]۔ ۶ LEAGUE جماعت۔ ۷ OXON آکسفورڈ یونیورسٹی کا سند یافتہ۔ ۸ CANTAB کیمبرج کا سند یافتہ۔ ۹ ALIG علیگڑھ کا سند یافتہ۔

(۲)

کبھی متھرا کی کبھی ڈیگ کی سیر — اہلِ کالج بھی کیا کرتے ہیں

آتشِ الفت و ہمدردی سے — دل کا روشن جو دیا کرتے ہیں

مہر و مہ نورِ خرد سے ان کے — رات دن کسبِ ضیا کرتے ہیں

خوشدلوں کا کہیں ہوتا ہے جو ذکر — نام ان کا ہی لیا کرتے ہیں

صاف دل رند ہیں اُن سے بہتر — جو تقدُّس میں ریا کرتے ہیں

یاں تو بیرے ہیں بجائے ساقی — جائے مے چائے پیا کرتے ہیں

کھیل کر کیرم و تاش و شطرنج — مات پر مات دیا کرتے ہیں

کرتے ہیں شعروں میں ہم تُک بندی — یعنی پیوند سیا کرتے ہیں

پائے اندیشہ کو کر کے خارج — فکرِ تاریخ کیا کرتے ہیں

... زندگی زندہ دلی کا ہے نام

... مُردہ دل خاک جیا کرتے ہیں

۱۹ ۴ ۳ ۷

"بہ حساب تاریخیں"

۱۳۵۲

گنجِ نایاب تواریخ

بہ

تواریخ نکاح پسر و دختر جناب حکیم محمد حیات خاں صاحب دہلوی طبیب آگرہ

(دعوت نامۂ مشترک پر لکھی گئی)

شادی نکاح صاحبزادہ و صاحبزادی حکیم محمد حیات خاں دہلوی
۱۹۳۲

(مٹھائی کی طشتری پر کندہ کرائے گئے)

(۱) یادگار تقریب شادی محمد اشرف
۱۹۳۲

(۲) ایں یادگار شادی محمد اشرف خاں
۱۹۳۲

نوٹ: [illegible]

(۳) جشنِ مسعودِ نکاحِ محمد اشرف خاں

(۴) ہدیۂ عروسی سعیدِ زماں محمد اشرف خاں

یہ ہدیۂ عروسیِ حکیم محمد اشرف خاں قبول ہو

(۶) مجلس عروسی حکیم محمد اشرف خاں دہلوی
۱۹۳۲

(۷) ساچق شادی حکیم محمد اشرف خاں دہلوی
۱۹۳۲

(۸) ولیمہ مسنون شادی محمد اشرف خاں
۱۹۳۲

تاریخ عطیۂ خلافت

بسلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ جماعتیہ

کہ حضرت قبلہ عالم مولانا حاجی حافظ سید جماعت علی شاہ صاحب
محدث علی پوری مدظلہم و دامت برکاتہم مولوی عابد حسن صاحب فریدی
ایم اے ایل ٹی، ایم آر اے ایس (لندن) را با خرقہ و دستار خلافت ارزانی فرمودند

یہ پیر کے انوار مبارک عابد — یہ طالع بیدار مبارک عابد
یہ فیض کے آثار مبارک عابد — یہ لطف کا اظہار مبارک عابد
یہ مطلع انوار مبارک عابد — یہ مخزن اسرار مبارک عابد
یہ تحفۂ احرار مبارک عابد — یہ ہدیۂ ابرار مبارک عابد
یہ نافۂ تاتار مبارک عابد — یہ طبلۂ عطار مبارک عابد
یہ گوہر شہوار مبارک عابد — یہ گنج گرانبار مبارک عابد

یہ سال فرح بار مبارک عابد
یہ خرقہ و دستار مبارک عابد
۱ ۳ ۲ ۹ ۱

تاریخ ہڑتال کالج

(۱)

یہ لڑکوں کی ہڑتال کیا اور کیوں ہو
نہ عقل آئی تعلیم تا دیر سے

ہو آزادی ایسی تو تاریخ ہے
کہ: "آزادیِ اخلاق و تہذیب سے"

۱۹۴۸ء

(۲)

آگرہ کالج و سینٹ جانس کا بگڑا ہے مذاق
یعنی سمجھیں یہ بات کہ پڑھنا ہے مذاق

امتحان دینے نہ آئے تو یہ تاریخ ہوئی
"لڑکے ہڑتال کو ہی سمجھے کہ اچھا ہے مذاق"

۱۹ ء ۴۸

(۳)

یہ ہڑتال تاریخ کا اک سبب ہے
"نہ باقی ادب داب نہ تہذیب اب ہے"

۱۳۶۸ھ

(۴)

پھرا سر کہ سیاستیوں سے ہوئے
ہر لڑکوں کا ہڑتال پر اتفاق

یہ "خمسہ" ہے شامل تو تاریخ ہے
"جنون، مینیا، خبط، سودا، مراق"

۴۰۵

۱۵۴۳
۴۰۵
۱۹۴۸ء

"ہدیۂ تاریخ سلور جوبلی پیشوا دہلی"

۱۹۵۰

(۱)

خدمتِ دیں کرتے کرتے ہو گئے پچیس سال ——— ہے بقائی پر یہ بے شک لطف و انعامِ خدا

مصرعِ تاریخ ادب سے سر اٹھا کر عرض کر ——— "ہو مبارک پیشوا کی جوبلی نامِ خدا"

۱۳۶۹ھ

(۲)

ہو گئے پچیس سال، یہ بھی ترا فضل ہے ——— اور بڑھے اے خدا زندگیِ پیشوا

قادری بے نوا، سالگرہ کا ہے سال ——— "فضلِ خدا سے عجیب جوبلیِ پیشوا"

۱۹۵۰ء

"تواریخِ نیشِ عقارب"

۱۹۵۰ء

۱۲ ستمبر کو رشید میاں پانی پینے گیا تو مراحی پر بچھو نظر آیا مگر فوراً غائب ہو گیا، مارا نہ جا سکا۔ تھوڑی دیر بعد میں نسیمہ اسی مراحی سے پانی پینے گئی تو انگلی میں کاٹ لیا۔ مگر بہت زور سانپ ایسی زیادہ اذیت نہ ہوئی اور وہ رات بھر بے حال رہی گئیں۔ تھوڑی دیر میں تکلیف رفع ہو گئی اور بچہ بچ گیا

کسی سے خاص تو کینہ نہیں ہے بچھو کو ——— اگر رشید بچے ہیں تو ہم نسیمہ سہی

مثلِ قدیم جو ہے اس سے یہ ہوئی ہے عیاں ——— "یہی طبیعتِ کژدم کا اقتضا ہے، یہی"

۱۹۵۰

تاریخ پارٹی

(۱۱ اگست کو)

جب اُوج ملا، بازو سے اخلاق اُڑ کر — شہرہ غالب کا پڑا ورنہ حسب میں نہ نسب میں

اخلاق میں مہمانی و دعوت ہے بڑی چیز — ہو ٹی سحر و شام، ڈنر ہو کبھی شب میں

سچ پوچھو تو اعضا کا رئیس ایک ہے معدہ — بڑھ کر ہیں دل اور دماغ اس کے طلب میں

تاج اس کے سب استاد سمجھتے ہیں یہ نکتہ — شک کس کو ہے جو جائے شکم و قدرت رب میں

اس واسطے ہاں کبھی دعوت کا کبھی چاہئے — کھاتے ہیں کھلاتے ہیں۔ یہی وصف ہے سب میں

لو، چاہئے تاریخ اگر قادری اس کی — "خوب آج بھی ہے پارٹی اسٹاف کلب میں"

۱۹۶۵۱

تاریخ سرقہ

مسجد معتمد خان کے امام صاحب کی شیروانی کوئی لیکر چلتا بنا

یَسرِقُ المَالَ مِن بُیُوتِ الله — اَشہَدُ اَنَّہٗ غَوِیٌّ وَطَغیٰ

"تواریخِ سرقہ و سارق" — سال گفتم بعدِ وقتِ بلغا

۶۱۹۵۱

اور بھی قادری ہے اک تاریخ — "اچھا دھوکا فریب خوب دغا"

۶۱۹۵۱

(۲ اگست)

تاریخِ "ماش"

پروفیسر خواجہ عبدالواحد صاحب کا پنڈی میں ماش کی دال کبھی پسند کی سنے
اور ہم دو ہیں گھنٹوں وہاں اُردو کی دال اور کھچڑی کے عاشق ہیں۔ اُن کے
لئے ۹ر اگست ۱۹۵۱ء کو یہ تاریخ لکھی گئی۔ خواجہ صاحب کو یہ تاریخ
اسقدر پسند آئی کہ اسکے بعد بھی جب وہ گھر آئے اور کھانے پر بیٹھے
مہمان جمع ہوئے اور کھانے میں ماش کی دال ہوئی، خواجہ صاحب نے یہ تاریخ سنکر سنوائی

ماش را بر سر زر رو میل کند ہی — قدر نشناسد اگر غیر بود
دال آں خوردم و گفتم تاریخ — "ماش الدال علی الخیر بود"

۱۳۷۰ھ

"دلچسپ تاریخیں"

۱۳۷۰ھ

(۱)

سنو رہے انھیں منع کرنا پڑا — کہ اب اس تمنا کا موقع نہیں
ابھی میں نے تاریخ بھیجوا دی کہ تار — کہ "سیر و تماشا کا موقع نہیں"

۱۳۷۰ھ

(۲)

جیوڑا ہی نکل گیا تو کیا شعر و غزل — فکر و غم سب ہی ہے سیر و تفریح
"فکر و غم جاوید ہو" یہ بھی تاریخ — آج آہ کہاں فضائے سیر و تفریح

۱۳۷۰ — ۱۹۵۱ء

(۳)

{ا پریل ۱۹۵۱ کے ستون}

انھیں دونوں تاریخیں آئیں پسند — ہوئی ان سے میری خوشی چوگنی
کہوں کیوں نہیں اس کی تاریخ بھی — "وہ تحسین تاریخ اُن کی سُنی"

۱۹۵۱ء

"تاریخِ جامعِ خوبی"

١٩٥٣ء

حضرت مولانا الحکیم الحاج مولوی محمد خوب صاحب قبلہ احمد آبادی دامت برکاتہم نے
دو مختصر رسالے وظائف مقبولہ اور فاتحہ مسنونہ کے متعلق تصنیف و شائع فرما کر
ارسال فرمائے

وظائف جو مقبول تم نے سکھائے ‏ ‏ ‏ یہ باعثِ برکتِ جسم و جاں ہیں

بتائے ہیں جو فاتحہ کے طریقے ‏ ‏ ‏ یقیناً یہ مفتاحِ گنجِ نہاں ہیں

یہ ہے حضرت خوب صاحب کا فیضان ‏ ‏ ‏ تو تاریخ ہے: "خوب کی خوبیاں ہیں"

١٣٧٢ھ

تاریخِ تاسیس

ڈاکٹر ذاکر حسین خان صاحب وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی علی گڑھ وہاں کے
شعبۂ نباتات کی کسی عمارت کا سنگِ بنیاد رکھنے والے تھے۔ ڈاکٹر صاحب نے
مجھ سے فرمائش کی کہ دو لفظ میں ایسی تاریخ کہی جائے جس میں نباتات کا کچھ حوالہ ہو
یا تو ڈاکٹر صاحب کا نام ہو۔ میں نے دو قطعے کہہ دیے۔ انہوں نے اپنے نام والی پسند کی

هُوَ الْخَالِقُ الْبَارِئُ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى

١٣٧٢ھ

اُسِّسَ بِيَدِ السَّامِي ڈاکٹر ذاکر حسین

١٩٥٣ء

تاریخِ کتاب

منشی عابد حسین صاحب آغائی اکبرآبادی نے کراچی سے اپنی نئی تصنیف تصوف "صحیفۂ محبت" چھپنے سے پہلے میرے پاس نظرِ ثانی اور دیباچہ اور تاریخ کے لئے بھیجی۔ میں نے تینوں خدمتیں انجام دیدیں۔

(۱)

تصنیف ہے یہ عابد آغائی کی — یا دل پہ لطیفۂ محبت اترا

تاریخ یہ حق سے دی نے لکھ کر بھیجی — "ہاں ہاں، یہ صحیفۂ محبت اترا"

۱۳۷۲ھ

(۲)

محبت کی باتیں جو عابد نے لکھیں — نمایاں ہے اُن کا وفورِ محبت

اگر قادری اس کی تاریخ چاہو — تو لو "عینِ نور و ظہورِ محبت"

۱۹۵۲ء

تاریخ

"تجدیدِ زفاف توبہ شکن"

۱۳۷۲ھ

کئی سال ہوئے کسی بات کا منشی صاحب کی بیوی مدت دراز تک روٹھی رہیں۔ اب عابد انکا گھر آ گئی ہیں۔ اور یہ گویا ولیمۂ ثالث ہے۔ پہلے کا پہلا زفاف عابد ہے دو ثالث میں جلکے ہیں۔ تو اب تیسری بار گھر آئی ہے

تجدیدِ زفاف تو مبارک ہو تمہیں — جشنِ عیشِ عظیمۂ ثالث ہو

تاریخ میں یادگار اگر ہو منظور — لو "خوب را ولیمۂ ثالث ہے"

۱۹۵۳ء

تاریخِ ریش

پروفیسر محمد طاہر فاروقی نورشہ میاں نے پاکستان جا کر داڑھی کو صاف کر دیا۔ پہلے کہا کرتے تھے کہ وہاں جا کر نہ منڈواؤں گا۔ بڑی خوبصورت داڑھی اور شاندار چہرہ تھا مگر جوانی ہی میں بال سفید ہونے شروع ہو گئے تھے۔ عمر زیادہ معلوم ہوتی تھی۔ غالباً جولائی یا اگست ۱۹۴۸ء میں یہ صفائی کی تھی مگر مجھے ۱۰ اپریل ۱۹۴۹ء کو علم ہوا اسی روز تاریخ کہی۔ دوسرے عزیزوں کے واقعات قطعہ میں بالکل صحیح ہیں۔ جب میں ۹ جون ۱۹۴۹ء کو لاہور گیا تو خود نورشہ میاں کو قطعۂ تاریخ سنایا۔ بہت خوش ہوئے

فصلِ خزانِ ریش

۱۳۶۸ھ

وہاں جا کر جو منڈوائی تھی نے داڑھی — دیا گویا یہ پاکستان کو باج
ذرا سے بال تھے، پر بنتے ہیں دیتے — نہ تھی آخر حسد عرض و طول میں چھاج
یہ ڈر تھا، آ نہ جائے سفیدی — مگر تھا یہ تو نورِ رات معراج
اگر ڈولی بھاگا لا ہو جب تو — نہ تھا اس کا ڈھونڈنے کوئی علاج
کبھی تقریب سمجھا تھا کسی نے؟ — کہ ذبحِ ریش کو سمجھا حلال آج
بڑا افسوس کہاں تھا کیا کسی نے؟ — کہ یوں اٹھا غضب کا بحر مواج
ہوا پیدا نہ صورت کا دشوار — شناسا بھی تو رہ سکا ہیں محتاج

تاریخِ امتحاں

بچے ایسے آؤٹ ہوئے کہ خوب فضیحت ہوئے

حفاظت نہ ہر چیز کی خود کر سکا — بہت آپ بھی ہیں خوش اُسلوب والا!
کوئی اس کی تاریخ پوچھے اگر — تو کہہ دو "فضیحت ہوئی خوب واہ!"

(۲۵ جون ۴۹ء) ۱۹۴۹ء

تاریخ "جوئے شیر"

جب نہرِ پاکستان جو پنجاب کے ہیڈ ورکس کی در حقیقت ہند کی تھی۔ اسکا افتتاح تھا

مری ناکامیوں کو دیکھ کر ہے چرخ چکر میں — نہیں ممکن جواب اس گردشِ تقدیر کا لانا
کروں کیا میں، بجز غم کھا کے تو تاریخ کہنے کے — کہ: "ہر پربت کا پانی آج جوئے شیر کا لانا"

(۳۰ اپریل ۴۸ء) ۱ ۳ ۳ ۲۸

"تواریخِ وفات محسنِ ہند"

۱۹۲۱ء

"عالی جاہ کنور محمد لطافت علی خاں سعد آبادی"

۱۹۲۱ء

"اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰی لَھُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ"

سورہ رعد ۱۹۲۱ء رکوع ۴ پارہ ۱۳

لطافت علی خان عالی ہمم — ہوئے واصلِ خالقِ انس و جان
لطافت علی خاں کی یہ ذات تھی — کہ تھی سعد آباد کی عز و شان
کریمِ زماں، حاتمِ وقت تھے — کہ تھا جود و بخشش کا دریا رواں
معانی پہ یہ حامد حسن قادری — کرے ان پہ رحمت خدائے جہاں
سرِ لوحِ تربت لکھو سالِ وفات — یہ لکھ دو "کنور اب ہیں خلد آشیاں"

۱۳۴۰ھ

یہ تاریخ بھی ۲۸ سال کے بعد مقبرہ سنگِ مرمر پر کندہ کی گئی

اس آیت کی تاریخ کے سلسلے میں یہ ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ قرآن مجید میں یہ آیت ضمیر غائب کے ساتھ بھی ہے اور بہت مشہور ہے۔ قدیم زمانہ کے مختلف بزرگوں نے اس آیت کے مختلف حصوں سے سلسلہ چشتیہ نظامیہ کے مختلف اولیاء اللہ کی تواریخ وفات نکالی ہیں جو اسقدر دلچسپ و موزوں ہیں کہ میں ان تاریخوں کو بھی ان بزرگوں کی کرامات سمجھتا ہوں۔ ذیل میں درج کرتا ہوں:۔

وَاللّٰہ - "اِنَّ اَولِیَاءَ اللّٰہِ لَا خَوفٌ عَلَیہِم وَلَا ھُم یَحزَنُونَ"

سلسلہ کے قدیم بزرگوں کی تاریخ وفات	۱۰۸۵ھ
تاریخ وفات مولانا فخرالدین رحمۃ اللہ علیہ دہلوی	۱۱۹۹ھ
تاریخ وفات مولانا شاہ نیاز احمد صاحب بریلوی رحمۃ اللہ علیہ	۱۲۵۰ھ
تاریخ وفات مولانا شاہ نظام الدین حسین صاحب بریلوی رحمۃ اللہ علیہ	۱۳۲۲ھ

آخری تاریخ والد مرحوم کی نکالی ہوئی ہے۔ انہوں نے آیت پر (واللہ) کا اضافہ کیا ہے۔ اس لئے میں نے لکھنے میں اسکو جدا کر دیا ہے۔ یہ اضافہ بھی خوب ہے۔

تاریخ تعمیر مسجد

اسلامیہ کالج پشاور کے پروفیسر محمد شفیع صاحب سیاحت دکن کی غرض سے کالج کے بعض طلبہ کو لیکر آگئے تھے اور نرشہ میاں کے گھر قیام فرمایا۔ انکی فرمائش پر یہ تاریخ مرتب کی گئی:۔

رَحمَتُ رَبِّکَ خَیرٌ مِّمَّا یَجمَعُونَ

۱۹۴۰ء (زخرف۔ پارہ ۲۵)

نیک دل سردار عالم نیک نام — ہیں جواب خلد آشیاں جنت مقام

ابن مولانا امیر احمد تھے وہ — علم میں تھا جن کا جاری فیض عام

خواہش سردار عالم تھی یہی — ان سے کچھ انجام پائے نیک کام

جانتے تھے وہ کہ انکے مال سے — ہو بنائے مسجد رب انام

انکی بیگم آمنہ سردار نے — کر کے سب حسب وصیت اہتمام

یہ بنائی مسجد تقوے اساس — حق تعالیٰ دے انھیں اجر دوام

سال تعمیر عبادتگاہ رب — کہدو۔ مسجد ثانی بیت الحرام

۱۳۶۰ھ

تاریخ وفات نواب محسن الملک

اُولٰئِکَ یَدخُلُونَ الجَنَّۃَ یُرزَقُونَ فِیھَا

۱۳۲۵ھ (سورۂ مومن۔ رکوع ۵۔ پارہ ۲۴)

تواریخ

غم تازۂ وفات
۱۹۴۰

عالی مناقب مولانا الحاج سید علی احسن احسن مارہروی انار اللہ برہانہ
۱۳۵۹

۵۸۱ + ۱۳۵۹ = ۱۹۴۰ء

از افکار پریشان حامد حسن قادری
۱۳۵۹ء

(۱)

راہیِ جنت ہوئے احسنِ مارہروی — ہو گئی رونق بڑی انجمنِ خلد میں

حافظ و حاجی بھی تھے۔ عالم و صوفی بھی تھے — ہوتے نہ کیوں آپ بھی انجمنِ خلد میں

شاعر و نقّاد تھے۔ فاضل و اُستاد تھے — اب نہ رہی کچھ کمی انجمنِ خلد میں

تعمیہ سے بن گیا سال، جو شامل ہوئے
احسنِ مارہروی انجمنِ خلد میں
۵۸۱ + ۷۷۸

۱۳۵۹ھ

(۲)

عالم سے پردہ کر گئے وہ احسنؔ مارہروی — تھا نام جن کے نام سے، تھا فخر جن کی ذات پر
حامدؔ، اجل کے ہاتھ سے اب بے سروپا ہو گئے — زُہد و وَرَع۔ فضل و کرم۔ شعر و ادب۔ علم و ہنر

ز / ۲۰۵ + ض ر / ۱۰۰۰ + ع و / ۷۶ + ل ن / ۸۰

سنہ ۱۳۵۹ھ

(۳)

اچھے جا کر ہوئے تم احسنؔ، — رونق افزائے جنتِ خُلد
حامدؔ لکھتا ہے سالِ رحلت — ہو بزم آرائے جنتِ خُلد

۱۳۵۹ھ

(۴)

حضرتِ احسنِ نقاد و حکیم و عالم — ہو گئے منزلت افزائے خلودِ جنت
بکرمی، عیسوی و ہجری و فصلی ہیں یہ سال — پاک دل قدوۂ سادات وہ فخرِ حکمت

۱۳۴۸ + ۱۱ ف
۱۳۵۹ھ + ۵۸۱
۱۹۴۰ء + ۵۷
۱۹۹۷ بکرم

(۵)

سپہرِ فضل و کرم کے تھے آفتابِ کمال — جہانِ شعر و ادب کی بہارِ باغِ احسنؔ
اگر وہ اور بھی اک سال زندہ رہ جائیں — تو یادگار رہے یادگارِ داغ احسنؔ

۱۳۶۰

خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں — خلاصہ یہ کہ تھا حُسنِ طبیعت ختم احسنؔ پر
فصیح الملک سے تھے فیضیاب۔ اُستادِ کامل سے تھے — کہی تاریخ حامدؔ نے "فصاحت ختم احسن پر"

۱۹۴۰ء

"تاریخِ بے مثل فی البدیہہ"

۱۹۴۰ء

۹ر نومبر ۱۹۴۰ء کو ۵ بجے پونچکر برآمدہ میں جا کر بیٹھا ہی تھا کہ سکندر ایڈیٹر اردو [illegible]
سید انعام الرحمٰن آیا اور فرمائش کی کہ سید سخاوت علی صاحب کی تاریخ وفات کہہ دیجئے
میں نے کہا مجھ سے فرمائش کرنے کی کیا وجہ؟ آگرہ میں اور بہت تاریخ گو ہیں۔ اس نے کہا کہ
بھائی صاحب نے کہا تھا کہ قادری صاحب سے کہنا۔ میں نے اس سے بزرگ کا نام پوچھا تو مرحوم کا
تھا۔ اپنے رجسٹر کے کونے پر نام لکھ لیا۔ وہ پیچھے میز پر اخبار پڑھنے لگا۔ میں نے سید سخاوت علی
کے عدد نکالے تو معلوم ہوا کہ حق کے ۱۰۸ عدد جوڑنے سے سنہ ہجری نکل آئے گا۔
یہ خیال آتے ہی مصرعہ تاریخ موزوں ہو گیا اور فوراً اس کے اوپر کا مصرعہ بھی۔ اس کے بعد
اسی وقت پہلا شعر بھی بن گیا۔ میں نے قطعہ کو کاغذ پر لکھ کر ان کو حوالہ کر دی کہ تاریخ چھپوا۔

سخاوت علی نے وہ صدمہ دیا — کہ مرجھا گئی آہ دل کی کلی

ہوا تعمیہ سے یہ سالِ وفات — ملے حق سے سید سخاوت علی

۱۰۸ + ۱۲۵۱

۱۳۵۹ھ

نوحۂ تاریخی بر وفاتِ مولوی ظہیر عالم چشتی و ہدایت علیخاں صاحب رئیس مرادآباد

مولوی ظہیر عالم کی وفات سے کچھ عرصہ بعد ہدایت علی خاں صاحب کا انتقال ہو گیا۔ ان دونوں میں نہایت مخلصانہ تعلقات تھے، اور یہ دونوں اپنے رنگ میں تمام مرادآباد میں یکتا و یگانہ تھے اور سارے شہر کیلئے باعث فخر و ناز۔ اسی مضمون پر غور کرنے سے ایک مادۂ تاریخ نکل آیا، جسکو مصرع میں موزوں کیا تو خود بخود ذہن منتقل ہوا کہ اسی زمین میں خواجہ حافظ شیرازی کی دو غزلیں ہیں۔ دیوان کھولکر سامنے رکھ لیا اور حافظ کے بعض مصرعوں پر اپنے مصرعے لگ گئے۔ بعض شعر سالم لے لئے۔ اور باقی دس بارہ شعر اپنے لکھکر ایک طویل نظم مرتب کر دی۔

"برو بکارِ خود اے واعظ، ایں چہ فریاد ست — مرا فتاد دل از کف، ترا چہ افتاد ست"

مرا چہ می کنی تلقینِ صبر اے ہمدم — "نصیحتِ ہمہ عالم بگوشِ من باد ست"

اگرچہ گفتۂ حافظ نرفتہ از یادم — "کہ قصر و کاخِ امل سخت سست بنیاد ست"

اگرچہ من بیقیں دانم و تو می دانی — "کہ بر من و تو درِ اختیار نکشادست"

ولے چرا نکشد آہ و نالہ جانِ حزیں — ولے چرا نشود خوں دلے کہ ناشاد ست

ظہیرِ عالمِ چشتی بغربت اندر مُرد — چرا ز درد ننالم کہ جائے فریاد ست

وفاتِ خانِ ہدایت علی ست صدمۂ نو — ندانم آں چہ جفا ست ویں چہ بیداد ست

چہ گویمت کہ چرا زود رخت بر بستند
اجل بشارتے از حق بہر یکے دادست

"کہ اے بلند نظرش ہباز سدرہ نشین
نشیمنِ تو نہ این کنجِ محنت آبادست"

"ترا ز کنگرۂ عرش می زنند صفیر
ندانمت کہ دریں دامگہ چہ افتادست"

شتافتند ظہیر و ہدایت از دنیا
بآں جہاں کہ زہر درد و رنج آزادست

خدا مراتبِ آں ہر دو را بلند کند
کہ بندہ را ز خداوند بخشش و دادست

زمینِ ہمتِ خاں کار ہائے بستہ کشاد
بنائے خلق و مروت ظہیر بنہادست

کشادہ داشت ہدایت ہمیشہ دست سخا
صلائے فیض ہمیشہ ظہیر در دادست

ز مرگِ چشتی اگر آہ رنگِ "بار" شکست
ز مرگِ خاں ہمہ گلزار شہر بربادست

بہر زباں چو بود ذکرِ شاں عجب نبود
کہ حسنِ سیرتِ شاں ملک و قوم را یادست

سعادت از ازل آید۔ بزورِ بازو نیست
قبولِ خاطر و حسنِ عمل خدا دادست

سروش گفت کہ تاریخِ رحلت ایشاں
"خزانِ گلشنِ بزمِ مرادآبادست"
۱۳۲۰ھ

تواریخ رحلت جانگداز

۱۹۶۱ء

نوابزادیِ نیک باطن مہربان خانی بیگم صاحبہ

۱۳۸۰ھ

اہلیۂ نیک مناقب جناب نواب محمد حیدر علی خانصاحب میسوری

۱۹۶۱ء

دخترِ عالی نسب پاکیزہ طینت

۱۹۶۱ء

یگانۂ جہاں ہز ہائی نس نواب عبدالتبریز خان بہادر

۱۹۶۱ء

دلیر جنگ زیبِ ملک نواب آف سادانور بمبئی پریسیڈنسی

۱۳۸۰ھ

(تاریخ از آیۂ لسانِ ازل)

۱۳۸۰ھ

اِرْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا

۱۳۸۰ھ (سورۂ بقرہ آخری آیت)

(طبعزاد حامد حسن قادری جماعتی پروفیسر کالج آگرہ)

۱۹۶۱ء

بِسْمِہٖ تَبَرُّکًا وَّتَعَالٰی عَزَّوَجَلَّ
۱۳۶۱ھ

تواریخِ ارتحالِ پاکباطن
۱۹۴۲ء

حاجی حافظ نیک سِیَر
۱۳۶۱ھ

پاک دل غلام مصطفٰی مجددی جماعتی
۱۹۴۲ء

اَنَارَ اللّٰہُ سَتَّارُ الْعُیُوْبِ بُرْھَانَہٗ
۱۳۶۱ھ

(۱)

اَدْخَلَ اللّٰہُ غُلَامَ الْمُصْطَفٰی فِی الرَّحْمَۃ — اَکْرَمَہُ اللّٰہُ مَوْلَاہُ الرَّؤُفُ وَالرَّحِیْم

جَاءَ فِیْ اَرْضٍ عَلٰی یَوْمِ لِقَاءِ شَیْخِہٖ — مَاتَ عِنْدَ السَّیِّدِ الشَّیْخِ الْکَرِیْمِ ابْنِ الْکَرِیْم

قَالَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ اِذَا جَاءَ الْاَجَل

قُلْتُ تَارِیْخًا ـ وَذٰلِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْم
۱۹۴۲ء (مومن ۱۴۱۰ھ ؍ ۱۹۹۰ء)

بسمہ تبارک وتعالیٰ عزوجل
۱۳۶۳ھ

سواطع تواریخ

۱۳۶۳ھ

یعنی

"تاریخ طبع دیوان گرامی قدر"
۱۹۴۴ء

از

کلام محبوب عالم امام السالکین محبوب حق شاہ محمد تقی عزیز میاں صاحب

۱۹۴۴ء

"صاحب سجادہ بہ اہتمام خانقاہ عالیہ نیازیہ بریلی"
۱۹۴۴ء

(۱)

سخنِ حضرتِ عزیز میاں ۔ ہے عزیز الکلام والافکار
ہر غزل اسکی نکتہ پرور شعر ۔ سوختہ کا ہے ابرِ گوہر بار
کیا شگفتہ ہے مصرعِ تاریخ
آئی کیا باغِ شاعری میں بہار
۱۹۴۴ء

(۲)

کلامِ مولوی معنوی سے کیا کم ہے
کہ ہے بیان بھی وہی سوز و سازِ نغمۂ نے

یہ اک پیام ہے اہلِ دل و نظر کے لئے
یہاں بہ بابِ حقیقت، مجاز نغمہ سے

تو لکھ کے شعر یہ نکلی ہیں خوب تاریخیں
کہ "نغمۂ نے راز آمد" راز نغمۂ نے

۱۳۶۳ ۱۳۶۳

(۳)

اس گلستانِ سخن کو آ کے
کیا بہار چمن اور اس کی بساط

ایک مصرع میں ہیں دو تاریخیں
"سنبلستانِ سخن"، "باغِ نشاط"

۱۳۶۳ ۱۳۶۳

(۴)

چو دیوان کلام ساز شد طبع
"منبعِ ہر نازک خیالاں"

بر آمد سال طبع از "عالم پاک"
"عزیز خاطرِ آشفتہ حالاں"

۱۶۴ ۱۷۸۰
۱۶۴
۱۹۴۴ء

(۵)

دیوان سے ملا سراغِ فیضان
کہیے تاریخ، "باغِ فیضان"
۱۹۴۴ء

(۶)

تاریخ یہ مجمعِ لطافت کہیے
۱۹۴۴ء

اک مخزنِ انوارِ شریعت کہیے
۲۰۰۱ بکرمی
آراستہ بستانِ طریقت کہیے
۱۹۴۴ عیسوی

رنگِ طرب رازِ حقیقت کہیے
۱۳۵۲ فصلی
ہے کیف کیاتِ غوثی، کرامت کہیے
۱۳۶۳ ہجری

(۷)

یہ تاریخ اک نعمتِ سرمدی ہے
کہ "جو شعر ہے دولتِ سرمدی ہے"
۱۳۶۳ء

(۸)

دل و نظر ہیں ہماہ دونوں بیخود و حیران
نظر کا آئنہ خانہ ہے، دل کا مے خانہ
یہ چار سال لکھے ہیں جدید صنعت سے
وہ ماہِ اوجِ نگارش وہ نظمِ شاہانہ

فصلی ۱۳۵۲ + ۱۱
ہجری ۱۳۶۳ + ۵۸۱
عیسوی ۱۹۴۴ + ۵۷
بکرمی ۲۰۰۱

"مطلع تواریخ"

۱۳۷۷ء

"مقدس وحی منظوم مترجم"

۱۹۴۰ء

"از کلام بدیع حضرت سیماب اکبر آبادی"

۱۹۴۸ء

قُل سُبحٰنہٗ ، صُحُفاً مُطَہَّرَۃً فِیہَا کُتُبٌ قَیِّمَۃ

۱۳ ۴ ۷۷

شہرہ کیا کیا ہے اس صحیفے کے — ہند میں ہیں مچی ہوئی دھومیں
ترجمہ ہے کلامِ باری کا — رکھیں سب اس کو سر پہ اور چومیں
فکرِ سیماب کی کرامت سے — معجزہ ہے بیاں کے جادو میں
دل کشی۔ دل بری۔ دل آویزی — ہے عروسِ سخن کے گیسو میں
آئیں اربابِ فکر و اہلِ نظر — پڑھیں اس ترجمے کو اور جھومیں

قادری نے بھی یہ لکھی تاریخ
آ گئی وحی نظمِ اردو میں

۱۳۷۷ء

سیماب صاحب سے میں معذرت خواہ ہوں [illegible] ۔

تاریخِ وفاتِ ناگاہِ گاندھی جی

(۳۰ جنوری ۱۹۴۸ء کو شام کے ۵ بجے عبادت گاہ میں ناتھورام ونائک گوڈسے نے ریوالور سے ہلاک کیا)

"آہ ہم سے رہبر اعظم چھٹا" ۱۹۴۸ء

"قتل رہبر اعظم" ۱۹۴۸ء

"گاندھی انسان اعظم ہند آمد" ۱۳۶۷ھ

(۱)

جان قربان کی گاندھی جی نے — اُن کا غم ہے غم ہندوستان ہوئے

بکرمی سال میں لکھو تاریخ — "رہبر اعظم ہندوستان ہوئے"

۲۰۰۴ بکرمی

(۲)

کیا ہے جان پہ ہندوستان کی — کہ ہے جانکاہ غم گاندھی جی

سال ہجری کی یہ تاریخ ہوئی — "ہے بڑا آہ غم گاندھی جی"

۱۳۶۷ھ

(۳)

قیامت ہے کہ یوں سینے پہ گولی کھائیں گاندھی جی — بپا ہے ملک میں جتنا بھی شور آہ و زاری ہے

یہ سال عیسوی ہے بادلِ زار دُکھی لکھئے ما — کہ "ہندوستان کے دل پر بڑا ہی زخم کاری ہے"

۱۹ ۴ ۴۸

(۴)

[illegible] قوم کا [illegible] چتا میں جلتا ہے۔ [illegible]

"چتا میں تری، قوم کا سہاگ"

۱۳۶۷ھ

(۵)

جگمگاتا ہے مصرعہ جو ہر تو بہ ساتھ ہے نادر کی تقلید

یہ نعرہ ہے جو لبِ مُلک سے نکلتا ہے — "سہاگ قوم کا تیری چتا میں جلتا ہے"

۱۲۲ + ۱۸۲۶ = ۱۹۴۸ء

(۶)

یہ آرہی ہے صدائیں بلادِ عالم سے — سہاگ قوم کا تیری چتا میں جلتا ہے

۱۸۰ + ۱۸۲۲ = ۲۰۰۲ء

تاریخ کامیابی خاتون بوزیلش خواجہ حمید فاروق

(۱)

علم ہی زیورِ اصلی ہے ہر اک عورت کا — کم نہ گم ہوگا خزانہ کبھی اس دولت کا

تہنیت مصرعِ تاریخ میں لکھ دو خواجہ — "پالی بی اے کی سند شکر ہے اس نعمت کا" ۱۳۷۸ھ

ہو فزوں عمرِ گرامی تو یہ ہو ماہ سے مہر (۵۹۱) — عیسوی سال میں تبدیل ہو سن ہجرت کا

(۲)

عورت ہے اگر علم کی دولت والی — بیشک ہے وہ کونین کی نعمت والی

خاتونِ عزیز پاس بی اے میں ہوئیں — خواجہ کہو تاریخ "فضیلت والی" ۱۳۷۸ھ

تاریخ انتقال اندوہ افزا

۱۹۴۸ء

عالی جناب والا مقام پروفیسر سید اولاد حسین صاحب شاداں بلگرامی

۱۹۴۸ء

(۱)

رفت ز دار فانی آه — استاد باکمال فن شاداں

بہر در بحر علم و ادب — دُرِ ذات کامل شاداں

در خلوت آزردہ روش — وجدان را حامل شاداں

ہم بحر زخار کمال — ہم ابر سخا دل شاداں

ہم عَلَم اندر خُلق نکو — ہم بکرم کامل شاداں

بود بہر حالت فرخ — بود بہر مشکل شاداں

گفتم "داغ شاداں آه" — رفت چو این منزل شاداں

۱۳۶۷

قادری آمد سال دگر

"فاضل زندہ دل شاداں"

۱۳۶۷

(۲)

بیک مصراع آمد سالِ فوتِ آن ذی شان

کہ آہ آں شمعِ معانی بود باخُلق وکرم شادان

فصلی	۱۳۵۵ + ۱۲
ہجری	۱۳۶۷ + ۵۸۱
عیسوی	۱۹۴۸ + ۵۴
بکرمی	۲۰۰۲

(۳)

معدنِ فضل بلگرام ، چہرہ فروغ رامپور

۱۳۶۷ھ ۔ ۱۹۴۸ء

(۴)

کرم فرما جنابِ منشی فاضل

۱۳۶۷ھ + ۵۸۱ = ۱۹۴۸ء

(۵)

فاضلِ تنہا کرم شیوہ عظیم القدر بود

۱۳۶۷ ۔ ۵۸۱ ۔ ۱۳۶۷

۱۹۴۸ ۔ ۱۹۴۸

ہجری: ۸۴۶ ، ۸ ، ۱۸۶ ، ۶ ، ۸ ، ۳۱۵ — ۱۳۶۹

مجمع الکرامات

نایاب

از

حق آگاہِ باطن نگاہ

جنابِ امامِ اولیا

و

باُردو

ھدیۂ ادب

از

قادری

عیسوی: ۸۴۶ ، ۶۴ ، ۸ ، ۲۴۳ ، ۱۸۶ ، ۶ ، ۲۱۳ ، ۳۱ ، ۸ ، ۳۱۵ — ۱۹۵۰

بسم اللہ الواحد السلام سبحانہ وتعالیٰ شانہ

۱۳۶۹ھ

تواریخ از اقل العباد حامد حسن قادری

۱۹۵۰ء

آثار التواریخ

۱۹۵۰

(برائے)

تالیف گنجینۂ کرامات اولیا

۱۳۶۹ھ

(و)

تذکرۂ اولیائے حق رامپوری

۱۹۶۵۰

(یعنی)

کتاب بے بہائے اہل دل
۵۲۳

مجمع الکرامات

۸۴۶

۱۳۶۹ھ

باحوالِ اقطابِ حق حافظ جمال اللہ و شاہ درگاہی

۱۹ ۵۰ ء

رحمہم اللہ البصیر و قدس اسرارہم

۱۳ ھ ۶۹

(۱)

رنگِ مے عرفانِ حقیقت یہ ہے ۱۳۶۹ ہجری
مقصودِ گُلِ نخلِ شریعت یہ ہے ۱۹۵۰ عیسوی
نایاب دُرِ فیضِ طریقت یہ ہے ۲۰۰۷ بکرمی
اک بحرِ ہدایت ہر کرامت یہ ہے ۱۳۵۷ فصلی

(۲)

گنبدِ سبز شہِ درگاہیؒ ‌ ‌ ‌ فیضِ عشقِ شہِ جن و بشر است
قادری سالِ بنائے دلکش ‌ ‌ ‌ "جلوۂ قبلۂ اہلِ نظر" است
۱۳۶۷ھ

(۳)

باادب رکھئے قدم اس در پر ‌ ‌ ‌ یہ بھی دربارِ شہنشاہی ہے
سالِ تعمیرِ جدیدِ گنبد ‌ ‌ ‌ "قبۂ اخضرِ درگاہی" ہے
۱۹۴۸ء

(۴)

گنبدِ سبز شاہ درگاہیؒ ‌ ‌ ‌ باغِ عرفاں کا ہے گلِ رعنا
سالِ تعمیر قادری کہدو ‌ ‌ ‌ "قبلہ و کعبہ گنبدِ خضرا"
۱۹ ‌ ء ‌ ۴۸

"چشمۂ خضر" بھی ہے اک تاریخ ‌ ‌ ‌ سالِ ہجری "ظہورِ نور" ہوا
۱۹۴۸ء ‌ ‌ ‌ ۱۳۶۷ھ

(۵)

سالِ تعمیر یہ اس کا نکلا
"گنبدِ سبز درختِ طوبیٰ"
۱۳۶۷ھ

(بارشاد مہدی حسن صاحب و نذیرالدین صاحب) ‌ ‌ ‌ (راقم عاجز حافظ حسن قادری نقشبندی جماعتی)
۱۹۴۸ء ‌ ‌ ‌ ۱۹۴۸ء

"از اکبرآباد و خجستہ نہاد"
۱۳۶۷ھ

(۲)

ہجری میں ہے "بُستانِ حقیقت کی بہار"
۱۳۶۹
ہے عیسوی: "اک صفاتِ کثرت کی بہار"
۱۹۵۰

فصلی بھی ہے: "گلشنِ طریقت کی بہار"
۱۳۵۷
سمبت: "فیضانِ شمعِ وحدت کی بہار"
۲۰۰۷

(۳)

یہ خوب ہے اثرِ خامۂ امام الدین
یہ سال ہجری و فصلی ہیں قادری یکجا

بیانِ حالِ کرامات بھی کرامت ہے
کہو کر: واہ یہ سرچشمۂ طریقت ہے

۱۳۵۷ ف + ۱۲

۱۳۶۹ھ

(۴)

در جلوہ چو مجمعِ الکرامات آمد
تاریخ ز کلکِ قادری می آید

آئینۂ کشف و فقر را آئینے
ایں ست کرامتِ امام الدینے
۶۹ ھ ۱۳

(۵)

فقرِ درگاہئِ عرفانِ جمالِ الٰہی
قادری ہے یہی تعریف یہی ہے تاریخ

شانِ سُنت ہے وہ۔ شایانِ شریعت ہے یہ
گُلِ سرسبزِ گلستانِ شریعت ہے یہ
۵۰ ء ۱۹

(۶)

روشن ہے اس سے کیا نورِ عرفاں
مُدغم ہیں، ہجری اور عیسوی سال

ظاہر ہے اس سے کیا شانِ توحید
شمعِ معانی فیضانِ توحید

۵۸۱ + ۱۳۶۹ھ

۱۹۵۰ء

(۷)

اہلِ عرفاں اور نورِ ذات کی باتیں ہیں یہ
جس نے پایا اہلِ عرفاں ہی سے پایا نورِ ذات

بکرمی و عیسوی، ہجری و فصلی چار سال
یوں کہو: پیہم توسل ہی سے آیا نورِ ذات

فصلی ۱۳۵۷ + ۱۲

ہجری ۱۳۶۹ + ۵۸۱

عیسوی ۱۹۵۰ + ۵۷

بکرمی ۲۰۰۷

(۸)

زقدرتِ شہِ درگاہیؒ و جمالؒ اللہ
امامِ صاحبِ دل زدرقمِ کمالے چند

سنینِ شمس و قمر چار گفتہ ام یک جا
زفیضِ ہادیِ گیتی بود مثالے چند

فصلی ۱۳۵۷ ۵۷+۵۸۱+۱۲+۰

ہجری ۱۳۶۹

عیسوی ۱۹۵۰

بکرمی ۲۰۰۷

(۹)

یہ طالب حق کو نعمت ہے
یہ دل والوں کی ہدایت ہے

یہ قادری اس کا سال لکھو
یہ فیض رسانِ طریقت ہے

۱۹۵۰ء

(۱۰)

